PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT,
KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ext: 1216 https://www.facebook.com/pakpgov

Most Immediate

No.PA/Khyber Pakhtunkhwa/Legis:II/2026/ 4335
Date: 30 September, 2026

To,

All the Administrative Secretaries,
Government of Khyber Pakhtunkhwa

Subject: - **ALLOTMENT OF DAYS FOR ANSWERING QUESTIONS FOR 9TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to refer to the subject cited above and to inform you that under rule 56 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 2025, Mr. Speaker has been pleased to allot days to various Administrative Departments in order of rotation for answering questions in the Provincial Assembly Session as at Annexure-I.

2. Questions in 144th , 145th ,146th, 147th, 148th, 149th, 150th , 151st , 152nd ,153rd ,154th ,155th ,156th ,157th ,158th ,159th and 160th groups as at Annexure-II will be taken-up on 05th ,06th ,09th ,12th ,13th ,16th ,19th ,20th ,23rd ,26th ,27th ,30th October 2nd ,3rd ,6th ,10th and 13th November 2026, respectively, for the 9th Session of the Assembly. Moreover, replies to the questions, if already not sent, shall be sent at least two clear days before the day fixed for their replies.

3. In case of non-receipt of reply to a question, blank question will be placed on the list of business, and in that case, any inconvenience caused to the Minister, the Department will be responsible.

Note: - **Allotment of days along-with list of questions can also be downloaded from the official website of the Provincial Assembly on the given link:-www.pakp.gov.pk**

Yours faithfully,

(SARMAD ULLAH KHAN AFRIDI)
ASSISTANT SECRETARY-VIII

Endst: No. & Date Even
Copy of the above is forwarded for information & necessary action to:-

1. All the Provincial Ministers, Khyber Pakhtunkhwa.
2. All the Advisors to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
3. All the Special Assistants to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
4. All the Honorable Members of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
5. The Principal Secretary to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
6. The Principal Secretary to Governor, Khyber Pakhtunkhwa.
7. The Principal Secretary to Mr. Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Hon'ble Speaker.
8. All the Additional Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
9. The Director IT, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
10. The Director Coordination & Protocol, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
11. The A.P.S to Secretary, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Secretary.
12. All the Deputy Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
13. The Deputy Private Secretary to Deputy Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Deputy Speaker.
14. All the Assistant Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
15. The Private Secretary to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa for information of the Chief Secretary.

ASSISTANT SECRETARY-VIII

ANNEXURE-I

ALLOTMENT OF DAYS FOR THE 9TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

Group No.	Date of Sitting	Name of Departments
144th	Monday 05th October, 2026	• Planning & Development • Health • Human Resource Management Department • Home & Tribal Affairs • Culture, Tourism, Archaeology & Museum
145th	Tuesday 06th October, 2026	• Revenue & Estate • Auqaf, Hajj, Religious & Minority Affairs • Climate change, Forestry, Environment and wildlife • Industries, Commerce & Technical Education • Excise, Taxation & Narcotics Control
146th	Friday 09th October, 2026	• Finance • Zakat, Ushr, Social Welfare, Special Education & Women Empowerment
147th	Monday 12th October, 2026	• Food • Higher Education, Archives & Libraries • Elementary & Secondary Education
148th	Tuesday 13th October, 2026	• Communication & Works • Local Government, Elections & Rural Development • Live Stock, Fisheries & Cooperative • Transport and Mass Transit • Public Health Engineering
149th	Friday 16th October, 2026	• Planning & Development • Health • Human Resource Management Department • Home & Tribal Affairs • Culture, Tourism, Archaeology & Museum
150th	Monday 19th October, 2026	• Minerals Development • Revenue & Estate • Auqaf, Hajj, Religious & Minority Affairs • Climate change, Forestry, Environment and wildlife • Labour • Excise, Taxation & Narcotics Control • Industries, Commerce & Technical Education
151st	Tuesday 20th October, 2026	• Relief, Rehabilitation & Settlement • Finance • Administration • Irrigation
152nd	Friday 23rd October,2026	• Food • Energy & Power • Higher Education, Archives & Libraries • Elementary & Secondary Education

153rd	Monday 26th October, 2026	• Agriculture • Communication & Works • Local Government, Elections & Rural Development • Law, Parliamentary Affairs & Human Rights • Live Stock, Fisheries & Cooperative • Public Health Engineering
154th	Tuesday 27th October, 2026	• Planning & Development • Health • Human Resource Management Department • Home & Tribal Affairs
155th	Friday 30th October, 2026	• Minerals Development • Labour • Excise, Taxation & Narcotics Control • Industries, Commerce & Technical Education • Auqaf, Hajj, Religious & Minority Affairs • Climate change, Forestry, Environment and wildlife
156th	Monday 2nd November, 2026	• Finance • Irrigation
157th	Tuesday 3rd November, 2026	• Food • Energy & Power • Higher Education, Archives & Libraries • Elementary & Secondary Education
158th	Friday 6th November, 2026	• Agriculture • Communication & Works • Housing • Local Government, Elections & Rural Development • Law, Parliamentary Affairs & Human Rights • Live Stock, Fisheries & Cooperative • Public Health Engineering
159th	Tuesday 10th November, 2026	• Population Welfare • Planning & Development • Health • Human Resource Management Department • Sports & Youth Affairs • Home & Tribal Affairs
160th	Friday 13th November, 2026	• Revenue & Estate • Auqaf, Hajj, Religious & Minority Affairs • Climate change, Forestry, Environment and wildlife • Industries, Commerce & Technical Education • Excise, Taxation & Narcotics Control

صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

ANNEXURE-II

نوویں اجلاس کا 144واں گروپ

نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 5 اکتوبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 12:24 PM - Mon
Question # 1447سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 09, 2025 - Wed
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ثقافت، سیاحت، آثار قدیمہ و عجائب گھر از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا کے سیاحتی مقامات میں سیاحوں سے ہوٹل مالکان ایک دن کی کمرے کا کرایہ تقریباً 50 ہزار روپے تک وصول کرتے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) سیاحتی مقامات پر ہوٹل کرایہ سے متعلق حکومت کا چیک اینڈ بیلنس کا کوئی طریقہ کار موجود ہے؟

(ii) سیاحتی مقامات پر ہوٹلوں کا کم از کم کرایہ فی کمرہ یومیہ کتنا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 02:10 PM - Mon
Question # 1419سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
Mr Adnan Khan, Member Provincial Assembly
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے ایم ایس ڈی سیکٹر (Multi Sectoral Development) کے لئے مختص کئے جانے والے سالانہ اربوں روپے محکمہ سو فیصد خرچ نہیں کرتا جبکہ ان میں سے زیادہ تر حصہ وقتاً فوقتاً دوسرے سیکٹرز کو re-appropriate کیا جاتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو پچھلے 5 سالوں میں MSD سیکٹر کی ان پراجیکٹس میں مختص کی گئی، خرچ کی گئی اور دوسرے سیکٹرز کو re-appropriate کی گئی رقم کی تفصیل علیحدہ علیحدہ فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 02:11 PM - Mon
Question # 1420سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پی اینڈ ڈی کے پاس ایسے پروجیکٹس ہیں جن میں پی ایم یو (Project Management Unit) ہیں اور باقاعدہ پروجیکٹ سٹاف کے ذریعے چلائے جا رہے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ان میں بھرتی ہونے والے سٹاف کی تفصیل اور بھرتی کا طریقہ کار بتائے اور نیز گاڑیوں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 07, 2025 -- 02:54 PM - Mon
Question # 1669سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 10, 2025 - Thu
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر محکمہ انتظام انسانی وسائل از راہ کرم یہ ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2021ء سے اب تک کمشنر ہزارہ ڈویژن اور اس کے ماتحت عملہ کو تنخواہوں اور غیر تنخواہوں کے مد میں کتنا فنڈ ملا ہے؟ اس کی سالانہ وار تفصیل فراہم کی جائے نیز ان فنڈز کے سالانہ اخراجات کی بھی تفصیل دی جائے؟

Notice Date : Oct 08, 2025 -- 03:41 PM - Wed
Question # 2013سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 09, 2026 - Fri
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :-

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے 2020 تا 2025 مختلف ترقیاتی منصوبے شروع کیے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ بالا منصوبوں میں سے کچھ کو شروع اور مکمل کرنے میں تاخیر بھی ہوئی ہے؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو:

i)مذکورہ سالوں میں صوبائی ترقیاتی پروگرام کے تحت منصوبوں اور حاصل شدہ غیر ملکی فنڈ پراجیکٹس کا مکمل تفصیلی ریکارڈ مہیا کیا جائے۔

ii)منصوبوں میں تاخیر کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

Notice Date : Oct 08, 2025 -- 03:47 PM - Wed

Question # 1877سوال نمبر

Sent to Dept Date: Oct 29, 2025 - Wed

جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ ضلع لوئر کوہستان میں موجودہ پولیس تھانہ جات ضلع بھر کے لیے ناکافی ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو ضلع لوئر کوہستان میں کتنے نئے پولیس اسٹیشن کے قیام زیر غور ہیں؟اور اگر نہیں ہیں تو اس تاخیر کے ذمہ داران کون ہیں؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Oct 10, 2025 -- 02:34 PM - Fri

Question # 2001سوال نمبر

Sent to Dept Date: Jan 06, 2026 - Tue

محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاصوبائی وزیرِ صحت ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)ٹراما سنٹر ہری پور میں کلاس فور سے لے کر ڈاکٹرز تک کتنے ملازمین تعینات ہیں؟ان کے نام، عہدہ، سکیل، پتہ اور مدتِ تعیناتی کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب)ٹراما سنٹر میں کتنی سرکاری ایمبولینسز موجود ہیں اور ان کے ساتھ کتنے ڈرائیور تعینات ہیں؟نیز پرائیویٹ ایمبولینس گاڑیوں کی تعداد کی بھی تفصیل دی جائے۔

(ج)کیا سرکاری ملازمین کے علاوہ پرائیویٹ ایمبولینس کے ڈرائیوروں کو پرچیاں لکھنے کی اجازت ہے؟اگر نہیں تو ٹراما سنٹر ہری پور میں ان پرائیویٹ لوگوں سے کیوں اور کس کے حکم سے کام لیا جارہا ہے؟تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Oct 10, 2025 -- 02:36 PM - Fri

Question # 1883سوال نمبر

Sent to Dept Date: Oct 21, 2025 - Tue

محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ حکومت کی پالیسی اور مذہبی روایات کے مطابق کسی بھی فی میل کا آپریشن یا پوسٹ مارٹم فی میل سٹاف اور لیڈی ڈاکٹر ہی کر سکتی ہیں؟

(ب)آیا یہ بھی درست ہے کہ ٹراما سنٹر ضلع ہری پور میں فی میل کا پوسٹ مارٹم یا آپریشن ڈاکٹر حضرات کرتے ہیں؟بلکہ اس روم میں میل حضرات کا داخلہ بھی ممنوع ہے؟

(ج)اگر(الف)و(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i)مذکورہ ٹراما سنٹر میں فی میل کا آپریشن یا پوسٹ مارٹم میل سٹاف کیوں رہا ہے؟کیا قانون کے مطابق انکے خلاف کوئی کاروائی کی جائے گی۔

(ii)نائٹ ڈیوٹی پہ فیمیل مریض کے ساتھ میل حضرات مریض کا شوہر یا بھائی اندر لیڈی ڈاکٹر کو بیماری کے بارے میں بتانے کے لیے کیوں نہیں چھوڑا جاتا؟

Notice Date : Dec 09, 2025 -- 09:46 AM - Tue

Question # 1918سوال نمبر

Sent to Dept Date: Dec 18, 2025 - Thu

جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ حکومت صوبہ کے مختلف ہسپتالوں میں بچوں کی پیدائش کا ریکارڈ محفوظ کرتی ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو:-

(i)مذکورہ ریکارڈ کیسے محفوظ کرنے کا طریقہ کار کیا ہے؟تفصیل فراہم کرے

(ii)گزشتہ سال صوبے میں پیدا ہونے والے بچوں کی ماہانہ تعداد کی تفصیل ضلع وار فراہم کی جائے۔

Notice Date : Dec 10, 2025 -- 04:44 PM - Wed

Question # 1925سوال نمبر

Sent to Dept Date: Jan 05, 2026 - Mon

محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ اینٹی ریبیز ویکسین اور ریبیز امیون گلوبلین انجیکشن کی سہولت صوبے کے سرکاری ہسپتالوں میں موجود ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبے اور بالخصوص پشاور کے کن کن سرکاری ہسپتالوں میں یہ ویکسین اور آر۔ائی۔جی انجیکشن دستیاب ہے اور کیا یہ سہولت مفت فراہم کی جاتی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے

Notice Date : Dec 10, 2025 -- 04:45 PM - Wed
Question # 1924 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 05, 2026 - Mon
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ٹی پی اے انجیکشن جو کہ فالج اٹیک کے فوری بعد لگوایا جاتا ہے صوبے کے سرکاری ہسپتالوں میں موجود ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبے اور بالخصوص پشاور کے کن کن سرکاری ہسپتالوں میں یہ سہولت موجود ہے اور کیا یہ سہولت مفت فراہم کی جاتی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے

Notice Date : Dec 15, 2025 -- 11:20 AM - Mon
Question # 1931 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 05, 2026 - Mon
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ صحت میں مختلف آسامیوں پر اقلیتوں کے لیے کوٹہ مختص ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:-

(i) مذکورہ کوٹہ کس تناسب سے مختص کیا گیا ہے؟ اور کوٹہ کے مطابق تمام آسامیوں پر تعیناتیاں مکمل ہو چکی ہیں؟

(iii) اقلیتی کوٹہ کے مطابق فی الوقت کتنی آسامیاں خالی پڑی ہوگی؟ مذکورہ خالی آسامیوں کو پر کرنے کے لیے حکومت کیا اقدامات اٹھانے کا ارادہ رکھتی ہے؟ تفصیل فراہم کریں

Notice Date : Dec 16, 2025 -- 02:03 PM - Tue
Question # 1943 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 06, 2026 - Tue
محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) موجودہ حکومت نے صحت کے مد میں ضلع خیبر کے لئے کل کتنا فنڈ مختص کیا اس میں کتنا فنڈ جاری ہوا اور تاحال کتنا فنڈ خرچ کیا گیا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Dec 16, 2025 -- 02:07 PM - Tue
Question # 1950 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 07, 2026 - Wed
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ثقافت، سیاحت، آثار قدیمہ و عجائب گھر از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ یونین کونسل تاجوال، ضلع ایبٹ آباد چھانگلہ گلی کرکٹ گراؤنڈ کی زمین محکمہ جنگلات کے ریکارڈ کے مطابق "جنگلات کے لئے مختص" زمین کے زمرے میں آتی ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ تاحال اس زمین کا ڈی نوٹیفکیشن بھی موجود نہیں اور نہ ہی لیز یا کمرشل سرگرمی کی اجازت دی ہے؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کیا GDA اس زمین کی کمرشل لیز یا فروخت کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟۔ مکمل تفصیل فراہم کریں۔

Notice Date : Dec 16, 2025 -- 02:09 PM - Tue
Question # 1951 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 07, 2026 - Wed
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ثقافت، سیاحت، آثار قدیمہ و عجائب گھر از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ یونین کونسل تاجوال میں برطانوی دور کا واکنگ ٹریک، گالف گراؤنڈ اور دیگر تاریخی آثار موجود ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ دہائیوں سے یہ مقام وہاں کی عوام کھیل اور چراگاہوں کے طور استعمال پر کرتی آرہی ہے؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس مقام پر کمرشل سرگرمیاں ماحولیاتی اور فاریسٹ قوانین کے خلاف ہے؟

(د) اگر (الف)، (ب) اور (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو اس تاریخی ورثے کی تحفظ کے لیے محکمہ ہذا نے کون کون سے اقدامات اٹھائے ہیں اور کون کون سے اٹھانے کا ارادہ رکھتا ہے؟ الگ الگ تفصیل فراہم کریں۔

Notice Date : Dec 22, 2025 -- 12:00 PM - Mon
Question # 1971سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 05, 2026 - Mon
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ پشاور کے تین بڑے ہسپتالوں سمیت بنوں،ڈیرہ اسماعیل خان اور ایبٹ آباد کے بڑے سرکاری ہسپتالوں میں دوائیوں اور طبی آلات کی فراہمی محکمہ صحت کے منظور شدہ طریقہ کار کے تحت کی جاتی ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو:-

(i)ان ہسپتالوں میں دوائیوں سمیت طبی آلات کی خریداری،ذخیرہ اور تقسیم کی مکمل تفصیل ہسپتال وار فراہم کی جائیں۔

(ii)درج بالا صوبے کے بڑے سرکاری ہسپتالوں میں دوائیوں اور طبی آلات کی فراہمی کیلئے مریضوں کی سالانہ و یومیہ تعداد،دستیاب بیڈ کی تعداد،فعال شعبہ جات(ایمرجنسی،اوپی ڈی،آئی سی یو)وغیرہ کی مکمل تفصیل ہسپتال وار مہیا کی جائے۔

صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 145 واں گروپ

نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 6 اکتوبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

Notice Date : Jul 28, 2025 -- 03:10 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1694**
Sent to Dept Date: Aug 18, 2025 - Mon
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مال واملاک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ دریائے سوات میں سرکاری زمینوں پر غیر قانونی قبضے اور آبادی کی گزشتہ تین سالوں کی رپورٹ تیار کی گئی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ رپورٹ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Aug 11, 2025 -- 04:32 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1706**
Sent to Dept Date: Aug 19, 2025 - Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر موسمیاتی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات و جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں شوگر ملز کی وجہ سے مقامی آب پاش/زیر زمین پانی (groundwater) میں آلودگی یا سطح آب (water table) میں تبدیلی کی شواہد ملے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہے تو ضلع بھر کے متاثرہ دیہاتوں میں بیماریوں/صحت کے مسائل وغیرہ کے تدارک کے لیے محکمہ ہذا نے شوگر ملز مالکان کو کن کن عملی اقدامات کا پابند کیا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Aug 11, 2025 -- 04:33 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1705**
Sent to Dept Date: Aug 19, 2025 - Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر موسمیاتی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات و جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیا محکمہ ہذا کے پاس ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں موجود تمام شوگر ملز کی فہرست اور ان کے آپریشنل لائسنس/ماحولیاتی اجازت نامے موجود ہیں۔

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ہر شوگر مل کا نام معہ آپریشنل لائسنس/اجازت نامہ نمبر، جاری کرنے کی تاریخ اور میعاد اختتام فراہم کی جائے۔

Notice Date : Aug 28, 2025 -- 11:00 AM - Thu
سوال نمبر**Question # 2012**
Sent to Dept Date: Jan 08, 2026 - Thu
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر اوقاف، حج، مذہبی و اقلیتی امور ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 22 ستمبر 2013 کو آل سینٹس چرچ پشاور کوہاٹی گیٹ میں 2 بم دھماکے ہوئے تھے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان دھماکوں میں زخمیوں اور شہداء کے لیے انڈومنٹ فنڈ قائم کیا گیا تھا؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو اس فنڈ سے اب تک کتنے لوگوں کو مدد فراہم کی گئی ہے؟ نام، ولدیت، پتہ اور شناختی کارڈ نمبر کی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Sep 23, 2025 -- 09:51 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 1866**
Sent to Dept Date: Oct 13, 2025 - Mon
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر اوقاف، حج، مذہبی اور اقلیتی امور ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پچھلے دور حکومت میں محکمہ اوقاف کی زرعی زمینیں لیز پر دی گئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو یہ بھی بتایا جائے کہ وہ زمینیں کن افراد/اداروں کو کتنی اور کس قیمت پر دی گئیں؟ مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Oct 08, 2025 -- 04:06 PM - Wed
سوال نمبر**Question # 1945**
Sent to Dept Date: Jan 06, 2026 - Tue
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

ازراہِ کرم وزیر برائے آبکاری و محاصل اور انسدادِ منشیات ارشاد فرمائیں کہ :

(الف) کیا یہ درست ہے کہ تمباکو خیبر پختونخوا کی واحد نقد آور فصل ہے، جس پر صوبائی اور وفاقی سطح پر زیادہ ٹیکس عائد کیے گئے ہیں؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ دیگر صوبوں کی نقد آور فصلوں، مثلاً سندھ میں چاول، پنجاب میں گنا اور بلوچستان میں پھلوں پر اس نوعیت کے زیادہ ٹیکس عائد نہیں کیے گئے؟

(ج) اگر حصے (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو براہِ کرم وضاحت فرمائیں کہ :

1۔ کیا اس پالیسی کو خیبر پختونخوا کے کاشتکاروں کے ساتھ امتیازی سلوک تصور نہیں کیا جا سکتا؟

2۔ کیا حکومت اس ضمن میں ٹیکس پالیسی کو دیگر صوبوں کے ساتھ ہم آہنگ کرنے اور کاشتکاروں کو مساوی سہولیات دینے کا ارادہ رکھتی ہے؟

Notice Date : Oct 10, 2025 -- 02:31 PM - Fri
سوال نمبر**Question # 1998**
Sent to Dept Date: Jan 07, 2026 - Wed
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

ازراہِ کرم وزیر برائے محکمہ مال واملاک ارشاد فرمائیں کہ :

(الف) ضلع ہری پور کے سروس ڈیلیوری سنٹر میں فی الوقت کل کتنا عملہ تعینات ہے؟ سکیل 1 سے سکیل 18 تک پوسٹ وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) مذکورہ سنٹر میں کتنے کمپیوٹرز اور کمپیوٹر آپریٹرز موجود ہیں، عوامی سہولت کے لیے کتنی ونڈوز کھلی رکھی جاتی ہیں اور کس وقت تک فعال رہتی ہیں؟

نیز کیا ان کی تعداد بڑھانے کا کوئی منصوبہ زیر غور ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Oct 10, 2025 -- 02:33 PM - Fri
سوال نمبر**Question # 1888**
Sent to Dept Date: Oct 22, 2025 - Wed
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

ازراہِ کرم وزیر برائے محکمہ مال واملاک ارشاد فرمائیں کہ :

(الف) ضلع ہری پور کے سروس ڈیلیوری سنٹر میں اب تک کتنے موضع جات (Mauzas) ایکٹیو کیے جا چکے ہیں اور کتنے تاحال باقی ہیں؟ نیز باقی موضع جات کو کب تک ایکٹیو کیے جانے کا امکان ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) اس نئی سروس کے ذریعے اب تک کتنے انتقالات مکمل ہو چکے ہیں اور کتنے زیرِ تکمیل یا زیرِ تجویز ہیں؟

(ج) محکمہ کو اس سنٹر کے ذریعے اب تک ٹیکسز یا فیس کی مد میں کتنی آمدن حاصل ہوئی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(د) مذکورہ سنٹر میں روزانہ کی بنیاد پر کتنے ٹوکنز جاری کیے جاتے ہیں؟ نیز یکم جون 2025ء سے تاحال جاری کردہ ٹوکنز کی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Oct 24, 2025 -- 10:32 AM - Fri
سوال نمبر**Question # 1992**
Sent to Dept Date: Jan 07, 2026 - Wed
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی- پی کے -95

ازراہِ کرم وزیر برائے محکمہ مال واملاک ارشاد فرمائیں کہ :

(الف) کیا یہ درست ہے کہ کمشنر کوہاٹ کی زیرِ نگرانی حال ہی میں ایک جونیئر کلرک کو تحصیلدار کے عہدے پر تعینات کیا گیا ہے؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو براہِ کرم وضاحت فرمائی جائے کہ :

1۔ مذکورہ جونیئر کلرک کو تحصیلدار کے عہدے پر کس قانون اور کس مجاز اتھارٹی کے احکامات کے تحت تعینات کیا گیا؟ نیز تحصیلدار کی تعیناتی کے لیے کون سا قانونی طریقہ کار یا ضابطہ موجود ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

2۔ ضلع کوہاٹ میں تعینات تمام تحصیلداران اور نائب تحصیلدار کیڈر افسران کی مکمل تفصیل بمعہ عہدہ اور مقام تعیناتی فراہم کی جائے۔

Notice Date : Nov 18, 2025 -- 11:02 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 1902**
Sent to Dept Date: Dec 09, 2025 - Tue
محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صنعت و حرفت اور فنی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ صنعت و حرفت و فنی تعلیم نے ضم شدہ اضلاع میں فنی تعلیم سے متعلق سرگرمیوں کا آغاز کر دیا ہے؟

(ب) اگر جواب اثبات میں ہو تو براہِ کرم ضم شدہ اضلاع میں گزشتہ تین (3) سالوں کی کارکردگی کی تفصیل، بالخصوص ضلع خیبر کے حوالے سے مکمل معلومات فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Dec 10, 2025 -- 04:40 PM - Wed
Question # 1921سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 06, 2026 - Tue
محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر موسمیاتی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات و جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع خیبر کے علاقہ تیراہ میدان میں قیمتی جنگلات موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ ہذا نے تیراہ میدان میں موجود قیمتی جنگلات کی حفاظت کے لیے کیا اقدامات اٹھائے ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے

Notice Date : Dec 16, 2025 -- 02:08 PM - Tue
Question # 1989سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 06, 2026 - Tue
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر موسمیاتی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات اور جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ چھانگلہ گلی کرکٹ گراؤنڈ U/C تاجوال ایبٹ آباد کو محکمہ جنگلات کے اراضی کے درمیان GDA کا علیحدہ ٹکڑا اراضی ظاہر کیا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ GDA کو اس ٹکڑا اراضی کی منتقلی کے کوئی قانونی احکامات/منظوری بھی نہیں دی گئی ہے؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کیا محکمہ جنگلات نے اس معاملے کے خلاف کوئی قانونی اقدامات کیے ہیں۔ مکمل تفصیل فراہم کریں۔

Notice Date : Feb 06, 2026 -- 11:53 AM - Fri
Question # 2078سوال نمبر
Sent to Dept Date: Feb 27, 2026 - Fri
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر برائے محکمہ مال واملاک ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ تمام غیر استعمال شدہ دستی اسٹامپ پیپرز پر پابندی عائد کی گئی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) اس کی وجوہات کیا ہیں، کیا نئے ای اسٹامپ پیپرز کے اجراء کے لیے اکاؤنٹس افسران کو مراسلہ جاری کیا گیا ہے؟

(ii) عام شہری کے لیے ای اسٹامپ پیپرز کے حصول اور استعمال کا قانونی طریقہ کار کیا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Feb 11, 2026 -- 03:05 PM - Wed
Question # 2085سوال نمبر
Sent to Dept Date: Apr 07, 2026 - Tue
جناب ارشد علی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر اوقاف، حج، مذہبی و اقلیتی امور ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع چارسدہ میں محکمہ اوقاف کی زمین موجود ہے؟ اور یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ زمین مختلف محکموں اور عوام کے زیر استعمال ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ زمین میں کچھ حصہ زرعی زمین پر کچھ حصے پر سرکاری عمارتیں اور دکانوں مشتمل ہے

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) مذکورہ زمین کا کل رقبہ کتنا ہے اور کن کن محکموں/اشخاص کے زیر استعمال ہے او چارسدہ میں کہاں کہاں پر واقع ہے

(ii) دکانات اور زرعی زمین جس کے پاس ہیں ان کے نام بمعہ لوکیشن کی مکمل تفصیل فراہم کیا جائے

Notice Date : Apr 20, 2026 -- 03:39 PM - Mon
Question # 2145سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 13, 2026 - Mon
محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیرِ صنعت، حرفت و فنی تعلیم ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبے کی برآمدات میں گزشتہ پانچ سالوں کے دوران کتنا اضافہ یا کمی ہوئی ہے؟ اور اس عرصے میں کون کون سی اشیاء برآمد کی جارہی ہیں؟

(ب) مقامی تاجروں کو درپیش بڑے مسائل کیا ہیں؟ اور ان کے حل کے لیے حکومت کیا اقدامات کررہی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Apr 20, 2026 -- 03:42 PM - Mon
Question # 2141سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 09, 2026 - Thu
محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صنعت و حرفت اور فنی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ٹیکنیکل تعلیم حاصل کرنے والے طلباء کے لیے جاب پلیسمنٹ یا انٹرن شپ پروگرامز کی کیا صورت حال ہے ؟

(ب) خواتین کے لیے فنی تعلیم میں شرکت بڑھانے کے لیے کیا خصوصی اقدامات کیے گئے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) سرکاری اور نجی اداروں کے درمیان اسکلز ڈیولپمنٹ کے لیے اشتراک موجود ہے؟ مکمل تفصیل فرہم کی جائے۔

صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 146 واں گروپ

نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 9 اکتوبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:58 AM - Tue
Question # 1568 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 08, 2025 - Tue
جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر زکواۃ، عشر، سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و ترقی نسواں ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت کی طرف سے ڈپٹی کمشنر کی زیر نگرانی پشاور کے ہر صوبائی حلقہ میں 1000 (ہزار) مستحق افراد میں 10000 (دس ہزار) روپے بطور رمضان پیکج دیا گیا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ڈپٹی کمشنر پشاور کے دفتر سے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ہر ویلج کونسل / نیبر ہوڈ کونسل کی سطح پر ایک کمیٹی بنائی گئی جس میں ایک متعلقہ حلقے کا منتخب ممبر صوبائی اسمبلی کا فوکل پرسن بھی تھا؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) ویلج / نیبر ہوڈ کونسل پی کے 75 میں فوکل پرسنز کس کے کہنے پر نامزد کیے گئے ہیں تفصیل فراہم کی جائے

(ii) پی کے 75 میں کل کتنے افراد کو کتنی کتنی رقوم ادا کی گئی ہیں تمام افراد کے نام، ولدیت، شناختی کارڈ نمبر، پتہ، اکاونٹ نمبر اور ویلج کونسل سطح پر فوکل پرسن کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

Notice Date : Nov 13, 2025 -- 12:34 PM - Thu
Question # 1904 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Dec 26, 2025 - Fri
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر زکوۃ عشر سماجی بہبود و حقوق نسواں ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں خواتین، مردوں، بچوں اور اقلیتوں پر تشدد میں اضافہ ہو رہا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت اس سلسلے میں کیا اقدامات کر رہی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : May 04, 2026 -- 10:46 AM - Mon
Question # 2196 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 29, 2026 - Wed
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ احساس نوجوان پروگرام کے تحت بینک آف خیبر نوجوانوں کو آسان اقساط پر قرضے فراہم کر رہا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ اسکیم کے لئے بینک آف خیبر نے کتنا فنڈ مختص کیا ہے اور اب تک کتنے نوجوانوں کو قرضے فراہم کئے جا چکے ہیں؟ مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

Notice Date : May 04, 2026 -- 10:47 AM - Mon
Question # 2197 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 29, 2026 - Wed
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ وزیر اعظم اپنا گھر سکیم کے لیے بینک آف خیبر صوبے بھر کے اپنے مخصوص برانچوں میں سہولت دے رہا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) بتایا جائے کہ ضلع لکی مروت کے کل کتنے برانچوں میں یہ سہولت دی جا رہی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) کیا ایسے اضلاع بھی موجود ہیں جہاں یہ سہولت میسر نہیں ہے؟ وضاحت کی جائے۔

صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 147 واں گروپ

نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 12 اکتوبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 12:00 PM - Mon
Question # 1368 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 01, 2025 - Tue
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف اضلاع میں ایسے سکول موجود ہیں جن کی تعمیر مکمل ہونے کے باوجود بھی ان میں تعلیمی سرگرمیاں شروع نہیں کی گئیں؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو ہزارہ ڈویژن میں مذکورہ سکولوں کی تعداد، مقام اور سکولوں پر صرف شدہ رقم کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 12:26 PM - Mon
Question # 1432 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ھری پور اور ضلع ایبٹ آباد میں بوائز اور گرلز پرائمری، مڈل وہائی اور ہائیر سیکنڈری سکولز موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو!

(i) مذکورہ اضلاع میں کتنے اور کہاں کہاں بوائز اور گرلز پرائمری، مڈل، ہائی اور ہائیر سیکنڈری سکولز موجود ہیں۔ تمام سکولوں میں بچوں اور بچیوں کی تعداد سکول وائز فراہم کی جائے۔

(ii) گزشتہ حکومت نے کتنے گرلز سکولز کہاں کہاں تعمیر کئے ہیں اور مزید کتنے سکولوں کی ضرورت ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 12:39 PM - Mon
Question # 1545 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوز و کتب خانے ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(ا) آیا یہ درست ہے کہ گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان کے بیشتر ملازمین کے پنشن کیسز التواء میں پڑے ہوئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) گومل یونیورسٹی ہر سال پنشن کی مد میں کتنی رقم خرچ کرتی ہے؟

(ii) اب تک پنشن کی مد میں کتنے ملازمین کے کیسز زیر التواء ہیں۔

(iii) پنشن کی مد میں زیر التواء کیسز کے ملازمین کے نام اور ان کے بقایاجات کی تفصیلات فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 12:41 PM - Mon
Question # 1579 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 04, 2025 – Fri
Mr Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly

Will the Minister for Higher education Archives and Libraries state that:.

(a) It is true that the department enacted laws/acts from time to time related to the department/attached departments and subordinate bodies & authorities?

(b) Whether the latest copies of each of the enacted Acts are available on the official website of the department/subordinate department? If so the details there of, if not the reasons thereof:

(c) Is it the fact that the department or its subordinate departments who were required to frame the rules under the enacted Acts. Despite the passage of years they have not been framed such rules? If so the reasons there of

(d) What steps are being taken to make laws in line with the above Acts at an earliest?

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 01:27 PM - Mon
Question # 1443سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 11, 2025 - Fri
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی و ثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پی کے 115 تحصیل درازندہ اور کلاچی، ڈیرہ اسماعیل خان میں بیشتر سکولوں میں اساتذہ تعینات نہیں ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہے تو:

(i) تحصیل درازندہ اور تحصیل کلاچی کے کتنے اسکولوں میں اساتذہ کی کمی ہے؟، تمام سکولوں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) خالی پوسٹوں پر اساتذہ کی کمی کو پورا کرنے کے لیے محکمہ کیا اقدامات اٹھا رہا ہے؟

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 02:18 PM - Mon
Question # 1436سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 11, 2025 - Fri
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی و ثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع بنوں میں ڈی ای او فی میل نے غیر قانونی طور پر بڑے پیمانے پر جبری ریٹائرمنٹ پر اساتذہ کو بھیجا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ جبری ریٹائرمنٹ میں قانونی تقاضے پورے نہیں کئے گئے ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) کتنی فی میل ٹیچرز کو اور کن وجوہات کی بناپر جبری ریٹائرمنٹ دی گئی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) دور افتادہ اور مرج ایریا میں پہلے سے فی میل اساتذہ کی کمی ہے پھر اتنے بڑے پیمانے پر فی میل اساتذہ کو کیوں جبری ریٹائرمنٹ دی گئی وجوہات بیان کی جائیں۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:10 AM - Tue
Question # 1500سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی- پی کے -95

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوز و کتب خانے ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ،

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موجودہ ڈائریکٹر IM Science کو نگران حکومت کے دوران مقرر کیا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) ڈائریکٹر IM Sciences کی تقرری کا طریقہ کار کیا ہے؟

(ii) آیا نگران حکومت ڈائریکٹر کی تقرری کرسکتی تھی؟

(iii) تقرری کے لیے قانونی تقاضے پورے کیے گئے ہیں؟ تمام تفصیل فراہم کی جائے

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 10:00 AM - Tue
Question # 1597سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ شہید بینظیر بھٹو وویمن یونیورسٹی پشاور میں ٹیچنگ فیکلٹی موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) یونیورسٹی میں کل کتنا ٹیچنگ سٹاف ہیں؟ نام بمعہ عہدہ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) وزیٹنگ پروفیسر/لیکچررز، فکسڈ پے یا کنٹریکٹ پر یونیورسٹی میں کلاسز لینے والے میل اور فی میل ملازمین کی علیحدہ علیحدہ تفصیل فراہم کی جائے

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 10:03 AM - Tue
Question # 1537سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 04, 2025 - Fri
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) رمضان المبارک سال 2024 کے رمضان پیکج پر کل کتنی رقم کس کس مد میں خرچ ہوئی؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) رمضان پیکج کے تحت غربا اور مساکین میں جو رقم تقسیم ہوئی اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) جن افراد میں رمضان پیکج تقسیم ہوا ان کے نام بمع شناختی کارڈ کاپی اور جتنی رقم دی گئی اس کی تفصیل فراہم کی جائے

Notice Date : Aug 13, 2025 -- 09:30 AM - Wed
Question # 1736سوال نمبر
Sent to Dept Date: Sep 02, 2025 - Tue
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ گذشتہ حکومت نے صوبہ بھر میں نئے سکولز تعمیر کئے ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو تحصیل ہری پور میں طلباء وطالبات کے کل کتنے اور کہاں کہاں پر پرائمری، مڈل وہائیر سیکنڈری سکولز تعمیر کئے گئے ہیں؟تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Aug 13, 2025 -- 09:34 AM - Wed
Question # 1741سوال نمبر
Sent to Dept Date: Sep 02, 2025 - Tue
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ گذشتہ حکومت نے صوبہ بھر میں جن سکولوں میں طلباء وطالبات کی تعداد کم تھی۔ان سکولوں کو بند کیا گیا تھا؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو ضلع ہری پور میں طلباء وطالبات کے کل کتنے سکولز بند کئے گئے ہیں؟ بمہ سکول نام کے تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Sep 01, 2025 -- 03:50 PM - Mon
Question # 1785سوال نمبر
Sent to Dept Date: Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ضلع ایبٹ آباد کے کتنے سرکاری سکولوں میں کلاس فور کی آسامیاں خالی ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو:

(i)ان خالی آسامیوں کو پر کرنے کے لیے حکومت نے اب تک کیااقدامات کیے ہیں؟

(ii)یہ آسامیاں کب تک پر کی جائیں گی تاکہ سکولوں کے تدریسی وانتظامی امور متاثر نہ ہوں؟تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Sep 01, 2025 -- 03:51 PM - Mon
Question # 1792سوال نمبر
Sent to Dept Date: Sep 16, 2025 - Tue
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر برائے اعلی تعلیم ،ارکائیوزاور کتب خانے ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ حکومت نے ڈگری کالجزاور یونیورسٹیوں کوآؤٹ سورس کرنے کی پالیسی اپنائی ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوں تو:

(i)حکومت آؤٹ سورس کے باوجود تمام اخراجات برداشت کرے گی تو نجی شعبے کو ذمہ داری دینے کی ضرورت کیوں محسوس کی گئی؟

(ii)حکومت کے پاس موجودہ ڈگری کالجزاور یونیورسٹیوں کو مضبوط بنانے کے لیے کتنے مالی اور انتظامی وسائل دستیاب ہیں،اور انہیں براہ راست فراہم کرنے کا منصوبہ کیا ہے؟

(iii)آؤٹ سورس ہونے کے بعد لیکچرارز، پروفیسرزاور دیگر عملے کی ملازمتیں اور مستقبل کیسے محفوظ کیے جائیں گے؟

(iv)حکومت نے پسماندہ علاقوں میں تعلیمی اداروں کے معیار کو برقرار رکھنے کے لیے کیااقدامات تجویز کیے ہیں؟

Notice Date : Sep 01, 2025 -- 07:04 PM - Mon
Question # 1784سوال نمبر
Sent to Dept Date: Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ تعلیمی سہولیات کو دور دراز علاقوں تک بڑھانے کے لیے حکومت ڈبل شفٹ سکول سسٹم شروع کرچکی ہے یا کرنے والی ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو کیااس کے لیے نئے اساتذہ کو کنٹریکٹ کی بنیاد پر بھرتی کیا جائے گا۔اس کا کیا طریقہ کار ہے؟اور اگر بھرتی ہو گئے ہیں۔تواس کی تفصیلات فراہم کی جائے

Notice Date : Sep 03, 2025 -- 02:31 PM - Wed
Question # 1775سوال نمبر
Sent to Dept Date: Sep 15, 2025 - Mon
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں 2024 سے لیکر تاحال کتنے نئے سکول بنے اور کتنے سکول Upgrade ہوئے؟ تمام سکولوں کی تحصیل وار تعداد الگ الگ فراہم کی جائے۔

(ب) ضلع بھر میں نئے سکول بننے والے اور Upgrade ہونے والے سکولوں کیلئے کیا کسوٹی (Criteria) رکھی گئی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Sep 11, 2025 -- 04:06 PM - Thu
Question # 1829سوال نمبر
Sent to Dept Date: Oct 08, 2025 - Wed
محترمہ فرح خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع کرک میں اس وقت کل کتنے سرکاری گرلز اور بوائز (پرائمری، مڈل اور ہائی وہائیر سیکنڈری) سکولز موجود ہیں؟

(ب) کرد شریف اور شاونکی میں کتنے سرکاری گرلز اور بوائز (پرائمری، مڈل اور ہائی وہائیر سیکنڈری) سکولز موجود ہیں؟

(ج) اگران علاقوں میں لڑکیوں کے لیے کوئی سرکاری سکول موجود نہیں، تو کیا حکومت کی جانب سے وہاں گرلز سکول قائم کرنے کا کوئی منصوبہ زیر غور ہے؟ اگر ہے، تو اس کی موجودہ حیثیت اور ممکنہ تکمیل کی مدت کیا ہے؟

صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 148واں گروپ

نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 13 اکتوبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 12:37 PM - Mon
Question # 1553 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 08, 2025 - Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر بلدیات، الیکشن ودیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مالی سال 2023-24 اور 2024-25 کے دوران صوبائی حکومت نے ہر حلقہ کو ٹرانسفارمرز مرمت کی مد میں فنڈز جاری کئے تھے

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:-

(i) کس طریقہ کار کے تحت صوبائی حلقوں کو فنڈز جاری کئے؟ تمام حلقوں کو جاری شدہ فنڈز کی تفصیل فراہم کرے۔

(ii) حلقہ PK-112 ڈیرہ اسماعیل خان کو ٹرانسفارمرز مرمت کی مد میں کتنا فنڈ جاری کیا گیا؟ اور اس مد میں مذکورہ حلقے کا کتنا فنڈ بقایا ہے؟

(iii) متعلقہ حلقہ میں کہاں اور کن علاقوں کے ٹرانسفارمرز کی مرمت کی گئی؟ تمام ٹرانسفارمرز کی مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 01:03 PM - Mon
Question # 1397 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 03, 2025 - Thu
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے جولائی 2018 سے دسمبر 2021 تک ڈی آئی خان میں سڑکیں تعمیر کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ڈی آئی خان میں مذکورہ بالا عرصہ کے دوران کل کتنی کلومیٹر سڑکیں تعمیر کی گئی ہیں حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Dec 15, 2025 -- 11:28 AM - Mon
Question # 2017 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 28, 2026 - Wed
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر بلدیات، الیکشن ودیہی ترقی ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ بلدیات میں عوامی شکایات کے اندراج/وصولی کا باقاعدہ نظام موجود ہے؟

(ب) اگر سوال (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ سال کے دوران کل کتنے شکایات موصول ہوئیں کتنے شکایات کا ازالہ کیا گیا اور کتنے شکایات زیرِ التواء ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jan 14, 2026 -- 02:45 PM - Wed
Question # 2034 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 28, 2026 - Wed
جناب سریش کمار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر بلدیات، الیکشن ودیہی ترقی ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ (Solid Waste Management (WSSCM&Water Supply, Sanitation کے تحت ضلع مردان میں واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس قائم کیے گئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) مذکورہ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس پر آنے والے بجلی، آپریشن، مرمت اور عملے کے اخراجات کن ذرائع اور کس مد سے پورے کیے جا رہے ہیں؟ نیز کیا اس مقصد کے لیے کوئی مستقل فنڈنگ میکنزم موجود ہے یا نہیں؟

(ii) کیا WSSCM کے پاس ادارہ جاتی، فنی اور انتظامی صلاحیت موجود ہے کہ وہ ان واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس کو مستقل اور مؤثر انداز میں چلا سکیں گے؟ اگر نہیں، تو حکومت نے اس ضمن میں کیا متبادل انتظام کیا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii)ٹریٹ شدہ پانی کے معیار کی باقاعدہ جانچ (Water Quality Testing) کس ادارے کے ذریعے کی جاتی ہے، اور اس کی رپورٹس کہاں جمع کروائی جا رہی ہیں؟

(iv)اگر کسی وجہ سے کوئی واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ غیر فعال ہو جائے یا بند رہے تو اس کی ذمہ داری کس افسر یا ادارے پر عائد ہو گی؟

(v) کیا اس حوالے سے کوئی تحریری SOP یا جوابدہی (Accountability) کا باقاعدہ نظام موجود ہے؟ اگر ہے تو اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jan 20, 2026 -- 04:30 PM - Tue
Question # 2040سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 27, 2026 - Tue
جناب ارباب محمد وسیم خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پچھلے سال 13 نومبر 2025ء کو شائع ہونے والا ٹینڈر جو ایگزیکٹو انجینئر ہائی وے ڈویژن خیبر کی جانب سے 38 ترقیاتی کاموں کے لیے طلب کیا گیا تھا۔ اور اس کا باقاعدہ ٹینڈر پروسس ایک دن میں مکمل کیا گیا ہے یا نہیں؟ اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) آیا مذکورہ ٹینڈر میں "Below" کے بجائے "Above" کو ترجیح دی گئی ہے اور پورا ٹینڈر پروسس رولز کے برعکس مکمل کیا گیا؟ اگر ایسا ہے تو اس کی وجوہات اور ذمہ داران کی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jan 22, 2026 -- 04:20 PM - Thu
Question # 2056سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 30, 2026 - Fri
محترمہ فرح خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:۔

(الف) موجودہ حکومت نے مالی سال 2025-26 میں M&Maintenance) R)Fund&Repair کے تحت کتنی رقم مختص کی ہے تاکہ خیبر پختونخوا کے عوامی بنیادی ڈھانچے کی مناسب دیکھ بھال اور مرمت کو یقینی بنایا جا سکے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہوں تو:۔

(i) کیا موجودہ مالی سال کے لیے مختص کی گئی رقم گزشتہ مالی سالوں کے مقابلے میں بڑھائی گئی ہے؟ اگر ہاں تو اضافہ شدہ رقم کی تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز حکومت نے مذکورہ فنڈ کے موثر استعمال، شفافیت، جوابدہی اور معیار کو یقینی بنانے کے لیے کیا اقدامات کیے ہیں؟

(ii) موجودہ مالی سال کے دوران ایم اینڈ آر فنڈ کے تحت کتنے منصوبوں پر کام کیا گیا؟ ضلع وار تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jan 27, 2026 -- 04:33 PM - Tue
Question # 2063سوال نمبر
Sent to Dept Date: Feb 18, 2026 - Wed
محترمہ ایمن جلیل جان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر لائیو سٹاک اور ماہی پروری ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ ھٰذا نے گزشتہ دو سالوں کے دوران کتنے جانوروں کے قبل از ذبح (Ante-mortem) و بعد از ذبح (Post-mortem) معائنے، ذبح خانوں کے معائنے اور دودھ، گوشت، فیڈ، اجزاء و دیگر مال مویشی مصنوعات کے لیبارٹری تجزیے کیے ہیں؟ اسکی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Feb 02, 2026 -- 03:39 PM - Mon
Question # 2062سوال نمبر
Sent to Dept Date: Feb 18, 2026 - Wed
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی- پی کے -95

کیا وزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے مالی سال 2024-2025 اور 2025-2026 کے لیے ضلع کرم کی مختلف سکیموں/منصوبوں کے لیے فنڈز مختص کئے تھے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو وضاحت دی جائے کہ یہ فنڈز کس طریقہ کار کے تحت مختص ہوئے اور کتنے فنڈز جاری ہوئے اور کس طریقہ کار کے تحت جاری کیے گئے؟ نیز جاری کردہ فنڈز کی استعمال کی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Feb 02, 2026 -- 03:40 PM - Mon
Question # 2061سوال نمبر
Sent to Dept Date: Feb 20, 2026 - Fri
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی- پی کے -95

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:۔

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے مالی سال 2024-2025 اور 2025-2026 کے لیے ضلع کرم کی مختلف سکیموں/منصوبوں کے لیے فنڈز مختص کئے تھے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ عرصہ کے دوران فنڈز کس طریقہ کار کے تحت مختص ہوئے اور کتنے فنڈز اور کس طریقہ کار کے تحت

جاری کیے گئے؟ نیز جاری کردہ فنڈز کی استعمال کی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Feb 02, 2026 -- 06:21 PM - Mon
Question # 2069 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Feb 17, 2026 - Tue
محترمہ نادیہ شیر خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ٹرانسپورٹ وماس ٹرانزٹ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ بی آر ٹی (BRT) کے عملے کی تنخواہیں اس منصوبے کی اپنی آمدنی سے پوری نہیں ہو رہیں؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو براہ کرم وضاحت فرمائی جائے کہ بی آر ٹی عملے کی تنخواہیں کس مد سے ادا کی جارہی ہیں؟ اس بابت تفصیلی

معلومات فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Feb 02, 2026 -- 06:22 PM - Mon
Question # 2067 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Apr 30, 2026 - Thu
محترمہ نادیہ شیر خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ٹرانسپورٹ وماس ٹرانزٹ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ بی آر ٹی (BRT) سروس کی اپنی آمدنی نہ ہونے کی وجہ سے صوبائی حکومت سالانہ سبسڈی فراہم کر رہی ہے؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

کیا صوبائی حکومت کسی مخصوص ضلع کے لیے انفرادی طور پر سبسڈی فراہم کر سکتی ہے؟ تفصیل فراہم کریں۔

Notice Date : Feb 04, 2026 -- 11:00 AM - Wed
Question # 2068 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Apr 30, 2026 - Thu
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ٹرانسپورٹ وماس ٹرانزٹ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ زو پشاور (BRT) ٹرمینلز اور بسوں پر نجی کمپنیوں کے اشتہارات اور پرنٹ آویزاں ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) اب تک زو پشاور چلانے والے متعلقہ ادارے کو اشتہارات کی مد میں کتنی رقم موصول ہو چکی ہے؟

(ii) ان اشتہارات کی الاٹمنٹ کا طریقہ کار کیا ہے اور تمام بسوں اور ٹرمینلز کے لیے اشتہارات کے ریٹس یکساں ہیں یا مختلف؟ مکمل تفصیل فراہم کریں۔

Notice Date : Feb 06, 2026 -- 11:52 AM - Fri
Question # 2095 سوال نمبر
Sent to Dept Date: May 11, 2026 - Mon
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں لوکل گورنمنٹ کمیشن قائم کیا جا چکا ہے؟

(ب) اگر شق (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) لوکل گورنمنٹ کمیشن کے اراکین کی تعداد نیز گزشتہ پانچ برسوں کے دوران اس کمیشن کے پاس کتنے کیسز آئے؟ ان میں سے کتنے کیسز

نمٹائے جا چکے ہیں اور کتنے کیسز زیرِ التوا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Feb 06, 2026 -- 03:33 PM - Fri
Question # 2098 سوال نمبر
Sent to Dept Date: May 11, 2026 - Mon
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات، انتخابات و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مری روڈ، ایبٹ آباد پر سٹریٹ لائٹس کی تنصیب کے لیے کھمبے نصب کیے گئے ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ کھمبوں میں تاحال لائٹس نصب نہیں کی گئی ہیں؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو مذکورہ روڈ پر نصب شدہ کھمبوں میں سٹریٹ لائٹس کب تک فعال ہوں گی تاکہ مری روڈ روشن

اور محفوظ بنایا جاسکے؟ مکمل تفصیل فراہم کریں۔

Notice Date : Feb 10, 2026 -- 04:51 PM - Tue
Question # 2097سوال نمبر
Sent to Dept Date: May 11, 2026 - Mon
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ٹی ایم اے خار باجوڑ میں اس وقت کل کتنے ملازمین مستقل بنیادوں پر فرائض انجام دے رہے ہیں؟ ان تمام ملازمین کے نام، پتہ، ڈومیسائل، شناختی کارڈ کی نقل، عہدہ، بی پی ایس اور موجودہ تعیناتی کی جگہ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) مذکورہ ٹی ایم اے میں اس وقت کل کتنے ڈیلی ویجز ملازمین کام کر رہے ہیں اور کن کن آسامیوں پر تعینات ہیں اور کہاں کہاں ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں؟ ان کی بھی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Feb 11, 2026 -- 11:27 AM - Wed
Question # 2073سوال نمبر
Sent to Dept Date: Feb 26, 2026 - Thu
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لکی مروت کے دیہاتوں میں صاف پینے کے پانی کی شدید قلت ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) محکمہ نے گزشتہ تین سالوں میں پینے کے پانی کے لیے کتنے ٹیوب ویل لگائے ہیں؟

(ii) ضلع بھر میں مزید کتنے ٹیوب ویلز کی کہاں اور کس یونین کونسل میں ضرورت ہے؟ نیز محکمہ ان مطلوبہ ٹیوب ویلز کی ضرورت کب تک پورا کرنے کا ارادہ رکھتا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 149 واں گروپ

نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 16 اکتوبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 02:12 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1421**
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ پی اینڈ ڈی میں سرکاری گاڑیاں موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ گاڑیوں میں کتنی گاڑیاں کرنٹ بجٹ سے خریدیگئی ہیں اور کتنی گاڑیاں پراجیکٹس کے فنڈ سے خریدی گئی ہیں؟ آیا مذکورہ گاڑیاں محکمہ انتظامیہ کی ریکارڈ پر موجود ہیں؟

(ii) مذکورہ گاڑیوں پر پٹرول اور مرمت کی مدّ میں کرنٹ اور پراجیکٹس بجٹ سے ماہانہ کتنا خرچہ ہو رہا ہے تفصیل فراہم کی جائے؟

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 02:13 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1430**
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر محکمہ انتظام انسانی وسائل از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) فیڈرلی ایڈ منسٹرڈ ٹرائبل ایریاز ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے بی پی ایس۔17 اور اس سے اوپر کے کتنے افسران کو صوبے کے مختلف سرکاری محکموں میں ایڈ جسٹ کیا گیا ہے؟

(ب) اگر الف کا اثبات میں ہو تو:

(i) تو مذکورہ افسران کی تعداد بتائی جائے۔

(ii) مذکورہ افسران کے نام، عہدہ اور جس محکمہ میں ایڈ جسٹ کیا گیا ہے اس کا نام اور ان کی سینیارٹی لسٹ فراہم کیا جائے نیز واضح کیا جائے کہ یہ ایڈ جسٹمنٹ کس قانون کے تحت کی گئی ہے۔

(iii) کیا یہ ایڈ جسمنٹ محکمہ کے موجودہ سروس رولز کے مطابق کی گئی ہے اور قواعد/پالیسی کے تحت کوئی ایسا انتظام ہے جہاں کسی ملازم کو اس عہدے پر ایڈ جسٹ کیا جا سکتا ہے۔ جس کے لیے سروس رولز میں بیان کردہ پوزیشن کی اہلیت ملازم کی ابتدائی اہلیت سے مختلف ہو؟ اگر ہاں تو قواعد کا ذکر کریں۔

Notice Date : Aug 28, 2025 -- 04:01 PM - Thu
سوال نمبر **Question # 1799**
Sent to Dept Date: Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

از راہ کرم وزیر ثقافت، سیاحت، آثار قدیمہ و عجائب گھر ارشاد فرمائیں کہ :

(الف) کیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا کلچر اینڈ ٹورازم اتھارٹی (KPCTA) میں بی پی ایس۔16 اور بی پی ایس۔17 کی آسامیوں پر ایسے افسران تعینات ہیں جن کی تعلیمی قابلیت صرف میٹرک یا ایف اے تک محدود ہے؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

1۔ ان آسامیوں پر تعیناتی کے لیے تعلیمی قابلیت کی کم سے کم شرط کیا مقرر ہے؟

2۔ قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کے باوجود ایسے افسران کو ترقی دے کر بی پی ایس۔18 تک کیسے پہنچایا گیا؟ اسکی تفصیل فراہم کی جائے۔

3۔ ان افسران کی تعیناتی کس کی منظوری سے عمل میں آئی اور تا حال ان کی تعلیمی اسناد کی تصدیق کیوں نہیں کی جا سکی؟ اسکی وضاحت فراہم کی جائے۔

Notice Date : Oct 08, 2025 -- 03:48 PM - Wed
Question # 1887سوال نمبر
Sent to Dept Date: Oct 23, 2025 - Thu
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ ضلع لوئر کوہستان میں موجود پولیس اسٹیشنز اور نفری ضلع کے لیے ناکافی ہے؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع لوئر کوہستان میں کتنے پولیس تھانے اور نفری کی کل تعداد کتنی ہے؟اوران کی پوسٹنگ ضلع کوہستان لوئر میں کہاں کہاں پر ہے؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج)نیز آیا ضلع لوئر کوہستان میں نئے پولیس تھانہ جات اور پولیس نفری میں اضافے کی تجویز زیر غور ہے؟اور اگر نہیں تو اس کی وجوہات بتائی جائیں۔۔

Notice Date : Oct 08, 2025 -- 03:49 PM - Wed
Question # 1964سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 06, 2026 - Tue
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ کوہستان لوئر اور کولئی پالس اضلاع کے جیل اور پولیس لائنز کے لئے متعدد بار فنڈز مختص کیے گئے؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو وہ فنڈز اصل مقصد کے لیے استعمال کیوں نہیں ہوئے اور مذکورہ فنڈز کہاں شفٹ کئے گئے تفصیل فراہم کی جائے

Notice Date : Oct 10, 2025 -- 02:38 PM - Fri
Question # 1884سوال نمبر
Sent to Dept Date: Oct 21, 2025 - Tue
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)ضلع ہری پور میں حالیہ ڈینگی وائرس سے بچاؤ کے لیے کیا احتیاطی تدابیر کی گئی ہیں اور کیا اقدامات کیے گئے ہیں؟نیز کس کس علاقہ میں سپرے کیا ہے؟تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Oct 10, 2025 -- 02:40 PM - Fri
Question # 1885سوال نمبر
Sent to Dept Date: Oct 21, 2025 - Tue
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)ضلع ہری پور ڈی ایچ کیو ہسپتال کے لیے سال 2022 سے تاحال کتنی نئی مشینری خریدی گئی ہے ائٹم وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب)مذکورہ مشینری کے لیے سال وائز کتنا فنڈ مختص کیا گیا تھا؟اس میں سے کتنا خرچ ہوا ہے اور کتنا باقی ہے؟

(ج)کیا خریدی گئی مشینری میں سے کتنی قابل استعمال میں ہے اور کتنی ناکارہ ہو چکی ہے۔مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Dec 10, 2025 -- 04:43 PM - Wed
Question # 1922سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 05, 2026 - Mon
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ محکمہ صحت دیگر صوبوں کی طرح اینٹی وینم ویکسین مقامی سطح پر تیار کرتا ہے؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو صوبہ اس اہم شعبے میں آج تک خود کفیل کیوں نہ ہو سکا؟وجوہات بتایا جائے۔ نیز صوبہ اس معاملے میں کب تک خود کفیل ہو جائے گا؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Dec 15, 2025 -- 11:21 AM - Mon
Question # 1927سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 05, 2026 - Mon
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)صوبہ بھر میں BHUs اور RHCs کی کل تعداد کتنی ہے؟ان تمام BHUs اور RHCs میں صاف پانی اور ایمبولینس کی سہولت میسر ہے۔الگ الگ تفصیل فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Dec 15, 2025 -- 11:22 AM - Mon
Question # 1932سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 05, 2026 - Mon
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ مالی سال 25-2024 میں میڈیکل آلات جراحی کی خریداری کے لیے فنڈز مختص کیے گئے تھے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ان کیلئے کتنا فنڈ مختص کیا گیا تھا؟ مختص شدہ فنڈ میں سے کتنا فنڈ استعمال کیا گیا؟ استعمال شدہ فنڈز کی ضلع وار تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Dec 22, 2025 -- 12:01 PM - Mon
Question # 1970سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 05, 2026 - Mon
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع پشاور، بنوں، ڈیرہ اسماعیل خان اور ایبٹ آباد کے بڑے ہسپتالوں میں گزشتہ دو سال کے دوران دوائیوں یا طبی آلات کی قلت کے حوالے سے شکایات موصول ہوئی ہیں۔

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) ضلع وار اور ہسپتال وار موصول ہونے والی شکایات اور ان پر کی گئی کارروائی کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) صوبے کے ایسے بڑے ہسپتالوں میں آئندہ دوائیوں اور طبی آلات کی بروقت اور مسلسل فراہمی یقینی بنانے کیلئے کون کونسے مستقل اقدامات کیے گئے ہیں تفصیل فراہم کی جائیں

Notice Date : Dec 22, 2025 -- 12:02 PM - Mon
Question # 1972سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 06, 2026 - Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں واقع کیٹگری وائز ہسپتالوں (ڈی ایچ کیو، ٹی ایچ کیو) میں دوائیوں اور طبی آلات کی فراہمی کیلئے الگ طریقہ کار موجود ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) کیٹگری وائز ہسپتالوں کیلئے دوائیوں اور طبی آلات کیلئے مقررہ معیار اور طریقہ کار کی مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

(ii) بڑے ہسپتالوں اور کیٹگری وائز ہسپتالوں میں دوائیوں اور طبی آلات کے حوالے سے یکساں نظام نافذ نہ ہونے کی وجوہات کی تفصیل بھی مہیا کی جائے۔

Notice Date : Jan 06, 2026 -- 12:20 PM - Tue
Question # 2015سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 27, 2026 - Tue
محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہِ کرم ایوان کو مطلع فرمائیں گے کہ:

(الف) موجودہ صوبائی حکومت نے سال 2024ء سے تاحال محکمہ منصوبہ بندی وترقیات کے تحت ضلع خیبر کے لیے مجموعی طور پر کتنا ترقیاتی فنڈ مختص کیا ہے؟

(ب) مختص شدہ فنڈز میں سے اب تک کتنا فنڈ جاری کیا گیا اور کتنا خرچ ہوا ہے؟ اس بابت مکمل اور تفصیلی معلومات ایوان کو فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Jan 12, 2026 -- 02:46 PM - Mon
Question # 2052سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 30, 2026 - Fri
محترمہ ایمن جلیل جان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں ضلع سطح کے ہسپتالوں اور بنیادی صحت مراکز (BHUs) میں ڈاکٹرز، نرسنگ اسٹاف، ادویات اور تشخیصی سہولیات حکومت معیار کے مطابق مکمل دستیاب ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i)سال2024تا2026تک ہر ضلع کی فزیکل ویریفکیشن رپورٹ فراہم کی جائے۔

(ii)مریضوں کا بڑے شہروں کی طرف ریفر ہونا اب بھی کیوں معمول ہے؟اور اس کے باعث ہونے والی اموات اور مالی بوجھ کی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے کی بھی مکمل تفصیل فراہم کی جائے

Notice Date : Jan 19, 2026 -- 05:00 PM - Mon
Question # 2036سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 27, 2026 - Tue
محترمہ فرح خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)ضلعی سطح پر دہشت گردی سے متعلق انکوائری، انٹیلی جنس کلیکشن اور تفتیش کے لیے سی ٹی ڈی کو کون سی جدید ٹیکنالوجی اور فرانزک سہولیات فراہم کی گئی ہیں؟

(ب)حکومت کی جانب سے اب تک صوبے میں دہشت گردی کے تدارک کے لیے کون سے عملی اقدامات کیے گئے ہیں اور ان کے قابل پیمائش نتائج کیا ہیں؟

(ج)آئندہ مالی سالوں میں سی ٹی ڈی کو تمام اضلاع تک توسیع دینے، افرادی قوت بڑھانے، جدید آلات فراہم کرنے اور دہشت گردی کے مستقل خاتمے کے لیے حکومت کا مستقبل کا لائحہ عمل کیا ہے؟

Notice Date : Jan 19, 2026 -- 05:01 PM - Mon
Question # 2037سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 27, 2026 - Tue
محترمہ فرح خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ(CTD)کا صوبائی ہیڈ کوارٹر کہاں قائم ہے، وہاں کون کون سے ونگز/یونٹس فعال ہیں، اور ہیڈ کوارٹر میں مجموعی طور پر کتنی افرادی قوت اور وسائل دستیاب ہیں؟

کیا سی ٹی ڈی صوبے کے تمام اضلاع میں ضلعی سطح پر قائم ہے؟اگر نہیں تو کن اضلاع میں سی ٹی ڈی موجود نہیں اور اس کی وجوہات کیا ہیں؟

(ب)جن اضلاع میں سی ٹی ڈی قائم ہے، وہاں دفاتر، تعینات اسٹاف، خالی اسامیوں، گاڑیوں، اسلحہ، مواصلاتی نظام اور دیگر ضروری آلات کی موجودہ صورتحال کیا ہے؟

صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 150 واں گروپ

نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 19 اکتوبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 01:25 PM - Mon
Question # 1481 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 11, 2025 - Fri
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مال واملاک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت خیبر پختونخوا نے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مختلف موضع جات کیلئے متعلقہ ڈپٹی کمشنر کے ذریعے زمینوں کے نرخ مقرر کر رکھے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو یہ نرخ کس ضابطہ و قانون کے تحت طے کئے جاتے ہیں اور کیا یہ مارکیٹ ویلیو کے ساتھ مطابقت رکھتے ہیں؟

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:48 AM - Tue
Question # 1437 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صنعت و حرفت اور فنی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے صنعت کے میدان میں نئے نئے منصوبہ بندیاں کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ تین (3) سالوں کے دوران کیا کیا منصوبہ بندی کی گئی ہے؟

(ii) کون کون سے صنعت اور صنعتی تحقیق، تجارت اور سروے کی گئی ہے۔ موجودہ وقت فعال اور غیر فعال صنعت کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:49 AM - Tue
Question # 1507 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر محکمہ محنت و افرادی قوت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ کی زیر نگرانی ورکر ویلفیئر بورڈ نے گزشتہ (5) سالوں کے دوران کتنے ترقیاتی منصوبے شروع کئے تھے؟ اور موجودہ وقت کتنے جاری ہیں؟ گزشتہ (5) سالوں کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

Notice Date : Aug 25, 2025 -- 12:00 PM - Mon
Question # 1800 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Sep 16, 2025 - Tue
محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

ازراہ کرم وزیر برائے آبکاری و محاصل اور انسدادِ منشیات ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ آبکاری و محاصل اور انسداد منشیات میں وقتاً فوقتاً دیگر محکموں کے ملازمین کو ڈیپوٹیشن پر تعینات کیا گیا ہے؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

1۔ اس وقت محکمہ ھٰذا میں کل کتنے ملازمین مختلف محکموں سے ڈیپوٹیشن پر تعینات ہیں؟ براہ کرم متعلقہ محکموں اور مدتِ ملازمت سمیت تفصیل فراہم کی جائے۔

2۔ محکمہ میں ڈیپوٹیشن پر تعیناتی کے لیے اپنے اصلی محکمہ (Parent Department) میں ملازمت کی کم سے کم مدت کیا مقرر ہے؟ نیز دیگر شرائط و قواعد وضوابط کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

Notice Date : Aug 28, 2025 -- 04:00 PM - Thu
Question # 1778سوال نمبر
Sent to Dept Date: Sep 16, 2025 - Tue
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر محنت وافرادی قوت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ محکمہ ہذامیں ڈاکٹرز بھی تعینات ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو:-

(i)جوڈاکٹرز دوسال سے زائدایک ہی پوسٹ/پوزیشن پر تعینات ہیں ان کی عرصہ تعیناتی کی کوائف کے ساتھ تفصیل فراہم کی جائے

(ii) اس کے بارے گورنمنٹ /چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا کی پالیسی کیاہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii)عرصہ دوسال سے زیادہ ایک ہی پوسٹ/پوزیشن پر تعینات رہنے کی وجوہات سمیت ان ڈاکٹرز کے نام اور عرصہ تعیناتی کی تفصیل بھی الگ الگ فراہم کی جائے۔

Notice Date : Sep 01, 2025 -- 07:01 PM - Mon
Question # 1781سوال نمبر
Sent to Dept Date: Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر آبکاری ومحاصل وانسداد منشیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ اگست میں ایکسائز پولیس نے G.C.P چیک پوسٹ پشاور پر چیکنگ کے دوران دوقدیم مجسمے برآمد کیے تھے اور یہ مجسمے تاریخی اور ثقافتی اعتبار سے ناصرف قیمتی بلکہ بین الاقوامی منڈی میں اس کی مالیت کروڑوں میں بتائی جاتی ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو یہ مجسمے اب کہاں ہیں؟اور ملزمان کے خلاف کیاکاروائی ہوئی ہے؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Sep 01, 2025 -- 07:02 PM - Mon
Question # 1789سوال نمبر
Sent to Dept Date: Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر موسمیاتی تبدیلی،جنگلات و ماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ہزارہ اور ملاکنڈ ڈویژن میں جنگلات کی بے دریغ کٹائی کی شکایات محکمہ ہذا کو موصول ہوئی ہیں؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ اس حوالے سے حکومت نے ایک مانیٹرنگ کمیٹی بھی تشکیل دی تھی؟

(ج)آیایہ بھی درست ہے کہ جنگلات/درختوں کی سمگلنگ میں ڈائریکٹوریٹ کے 60افسران بھی ملوث ہیں؟

(د)اگر(الف)تا(ج)کے جوابات اثبات میں ہو تو تشکیل شدہ کمیٹی کی رپورٹ سمیت ان میں ملوث افسران/اہلکاروں کے خلاف کی گئی کاروائی کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے

Notice Date : Sep 02, 2025 -- 06:10 PM - Tue
Question # 1795سوال نمبر
Sent to Dept Date: Sep 15, 2025 - Mon
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر موسمیاتی تبدیلی وجنگلات وماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ضلع لوئر کوہستان میں جنگلات کی غیر قانونی اور بے دریغ کٹائی ہوتی ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو 2013میں کوہستان لوئر میں کٹائی سے پہلے جنگلات کا تناسب کیا تھااور 2024میں کٹائی کے بعد اسکا تناسب کتنا رہ گیا ہے؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Sep 02, 2025 -- 06:14 PM - Tue
Question # 1797سوال نمبر
Sent to Dept Date: Sep 15, 2025 - Mon
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر موسمیاتی تبدیلی،ماحولیات،جنگلات وجنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ محکمہ جنگلات نے ضلع لوئر کوہستان کے مالی سال 25-2024کے لئے مختلف سکیموں کے لئے رقم مختص کی تھی؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو محکمہ نے مالی سال 25-2024کے لئے کتنی رقم اور کس کس سکیم کے لئے مختص کی تھی؟ مختص رقم کا استعمال کس طرح اور کن منصوبوں کے لئے ہوا ہے؟تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Sep 25, 2025 -- 04:00 PM - Thu
Question # 1865سوال نمبر
Sent to Dept Date: Oct 10, 2025 - Fri
محترمہ فرح خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر محاصل وآبکاری اور انسداد منشیات ازراہِ کرم یہ وضاحت فرمائیں گے کہ:

(الف) پشاور شہر میں ٹیکسیوں کی مجموعی تعداد کیا ہے؟ نیز ان میں رجسٹرڈ اور غیر رجسٹرڈ ٹیکسیوں کی علیحدہ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) غیر رجسٹرڈ ٹیکسیوں کے خلاف اب تک کیا اقدامات کیے گئے ہیں؟ اور کیا ان کے لیے کوئی ضابطۂ اخلاق یا جامع پالیسی مرتب کی گئی ہے؟

(ج) بالعموم پشاور اور بالخصوص یونیورسٹی روڈ پر ان ٹیکسیوں کے باعث عوام کو پارکنگ کے مسائل اور ٹریفک جام کی مشکلات کا سامنا رہتا ہے۔ اس صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے حکومت نے کون سے عملی اقدامات کیے ہیں؟

Notice Date : Nov 03, 2025 -- 10:31 AM - Mon
Question # 1994سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 06, 2026 - Tue
محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر معدنیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) جنوری 2023 تا یکم نومبر 2025 ضلع کرک میں گیس، تیل، کوئلہ، چونا پتھر اور جپسم کی پیداوار سے صوبے کو کتنی رائلٹی ملی؟ ہر معدن کی رائلٹی کی حساب کی تفصیل الگ الگ فراہم کی جائے۔

(ب) ان رائلٹی فنڈز میں سے ضلع کرک کیلئے کتنی رقم مختص ہوئی اور کتنی صوبائی مشترکہ فنڈز میں جمع کرائی گئی؟ ہر سال کی مختص شدہ رقم اور حقیقی اخراجات کی تفصیل بھی علیحدہ علیحدہ فراہم کی جائیں۔

(ج) وصول شدہ رائلٹی کن منصوبوں ADP/District ADP وغیرہ پر خرچ ہوا؟ ہر منصوبے کا نام، PC-1 نمبر، کل لاگت، رائلٹی سے خرچ شدہ رقم، خرچ کی تاریخ اور موجودہ حیثیت (مکمل/زیر تکمیل) کی تفصیل بھی فراہم کی جائے

Notice Date : Nov 26, 2025 -- 09:23 AM - Wed
Question # 1913سوال نمبر
Sent to Dept Date: Dec 10, 2025 - Wed
محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر محنت وافرادی قوت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) اس وقت صوبے میں رجسٹرڈ فیکٹریوں اور ان میں کام کرنے والے مزدوروں کی تعداد کیا ہے؟

(ب) فیکٹری ایکٹ 1934 کے تحت سیکورٹی، صفائی، صحت اور حفاظتی سامان (PPE) کی عدم فراہمی پر کتنی فیکٹریوں کو نوٹس جاری اور کتنے کارخانوں کے خلاف کارروائیاں ہوئی مکمل تفصیل فراہم کیا جائے

Notice Date : Feb 23, 2026 -- 02:14 PM - Mon
Question # 2080سوال نمبر
Sent to Dept Date: Apr 01, 2026 - Wed
جناب سریش کمار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر اوقاف، حج، مذہبی و اقلیتی امور ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ اوقاف نے مالی سال 2024 تا 2025 کے دوران مختلف اقلیتی عبادت گاہوں کو پانچ پانچ لاکھ روپے کی گرانٹ فراہم کی گئی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) مذکورہ رقم کس طریقہ کار کے تحت اور کتنی عبادت گاہوں کو جاری کی گئی؟ جن اقلیتی عبادت گاہوں کو پانچ لاکھ روپے کی امدادی گرانٹ جاری کی گئی ان کے نام ضلع وار فراہم کئے جائیں۔

(ii) آیا مذکورہ ادائیگی نقد کی صورت میں کی گئی تھی یا چیک کے ذریعے اور اس رقم کے استعمال کے لیے محکمہ کی جانب سے کوئی ضابطہ کار یا ہدایات جاری کی گئی تھیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Feb 23, 2026 -- 02:15 PM - Mon
Question # 2082سوال نمبر
Sent to Dept Date: Apr 13, 2026 - Mon
جناب سریش کمار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیراوقاف،حج،مذہبی واقلیتی اموراز راہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیایہ درست ہے کہ محکمہ ہذاسکھ،ہندو، کیلاشی، مسیحی بھائی وغیرہ سے تعلق رکھنے والے مذہبی رہنماؤں، مثلاً پادری، پنڈت، ہیڈ گرنتھی، قاضی اور بھائی وغیرہ کو ماہانہ یاسہ ماہی وظیفہ ادا کر رہا ہے؟

(ب) اگر الف کا جواب مثبت میں ہو تو سال 2019 سے تاحال صوبے میں کتنے مذکورہ رہنماؤں کو یہ وظیفہ دیا جارہا ہے ان اقلیتی مذہبی رہنماؤں کے نام، دی جانے والی ماہانہ یاسہ ماہی رقم، متعلقہ مندر، گوردوارہ، چرچ اور کیلاش کمیونٹی کے ناموں سمیت تحصیل وار اور ضلع وار مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟ نیز فی کس ادائیگی کی شرح کیا ہے اور کب سے وظیفہ دیا جارہا ہے تفصیل فراہم کیا جائے۔

Notice Date : Apr 20, 2026 -- 03:44 PM - Mon
Question # 2104سوال نمبر
Sent to Dept Date: May 11, 2026 - Mon
محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صنعت وحرفت اور فنی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ایایہ درست ہے کہ حکومت نے بیرونی سرمایہ کاری لانے کے لیے اقدامات کیے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو؟ تو کرپشن اور بیوروکریٹک رکاوٹوں کو کم کرنے کے لیے کیا اصلاحات کی گئی ہیں؟ تفصیل فراہم کریں۔

صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبرپختونخوا

نوویں اجلاس کا 151واں گروپ

نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 20 اکتوبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

Notice Date : Oct 08, 2025 -- 03:42 PM - Wed
Question # 1953 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 06, 2026 - Tue
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2020 سے لیکر 2025 تک صوبائی حکومت نے مختلف غیر ملکی قرضے حاصل کئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) قرضوں کی نوعیت اور شرائط کیا تھیں؟ ہر قرضے کی رقم معاہدہ کی تاریخ قرض دینے والا ادارہ (ایشیائی ترقیاتی بینک، عالمی بینک، یا دیگر)، مارک اپ / شرح سود اور ادائیگی کا شیڈول فراہم کیا جائے۔

(ii) مذکورہ قرضہ کی رقم کن کن شعبہ جات کیلئے مختص کی گئی ہے اور ان میں سے کتنی خرچ ہوئی؟ شعبہ وار تقسیم اور خرچ شدہ رقم کی تفصیل فراہم کی جائے

Notice Date : Oct 08, 2025 -- 03:56 PM - Wed
Question # 1947 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 06, 2026 - Tue
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر انتظامیہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور میں ضلعی انتظامیہ کے افسران کو مختلف مراعات حاصل ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(ج) پشاور میں تعینات ڈپٹی کمشنر، اسسٹنٹ کمشنرز اور ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنرز کے پاس کتنی سرکاری گاڑیاں، رہائشگاہیں اور دیگر مراعات موجود ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Nov 25, 2025 -- 04:30 PM - Tue
Question # 2008 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 09, 2026 - Fri
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر برائے محکمہ آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے سال 2024 کو سپریم کورٹ آف پاکستان کے حکم پر دوران ملازمت فوت شدہ ملازمین کے بچوں کے لیے مختص شدہ 100 فیصد کوٹہ ختم کر دیا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کا اطلاق سال 2024 سے پہلے فوت شدہ ملازمین کے بچوں پر نہیں ہوتا؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سال 23-2020 تک مذکورہ کوٹہ کی مد میں بھرتی شدہ افراد کی فہرست بمعہ بھرتی کے منتظر افراد کی میرٹ لسٹ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Apr 14, 2026 -- 03:06 PM - Tue
Question # 2198 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 29, 2026 - Wed
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی- پی کے -95

کیا وزیر امداد، بحالی و آبادکاری ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کرم میں حالیہ آپریشن سے متاثرہ آئی ڈی پیز کے لیے مختلف امدادی پیکجز جاری کیے گئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو وضاحت کی جائے کہ کتنے متاثرین کو نقد مالی امداد، راشن اور دیگر اشیاء فراہم کی گئیں، نیز یہ امداد کس طریقہ کار کے تحت دی گئی؟ متاثرین کی بمعہ امداد مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Apr 27, 2026 -- 01:00 PM - Mon
Question # 2140سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 09, 2026 - Thu
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر خزانہ ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بینک آف خیبر نے گزشتہ سال مارکیٹنگ کی مد میں تقریباً تیس کروڑ روپے خرچ کیے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) اس مارکیٹنگ کے نتیجے میں حاصل ہونے والی آمدنی اور دیگر فوائد کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) مارکیٹنگ پر خرچ کی گئی تیس کروڑ روپے کی رقم کن کن مدات میں خرچ ہوئی ؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا152واں گروپ

نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 23اکتوبر2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 12:01 PM - Mon
Question # 1380سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 01, 2025 - Tue
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیادیہ درست ہے کہ محکمہ طلباء کومفت درسی کتُب فراہم کرتاہے؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ محکمہ درسی کتُب کے علاوہ غریب اور نادار طلبا کومفت یونیفارم بھی فراہم کرتاہے؟

(ج) اگر(الف)و(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i)ہزارہ ڈویژن میں سال2018سے تاحال محکمہ تعلیم نے کس درجے تک درسی کُتب فراہم کی ہیں اور حکومت کو سالانہ کتنے اخراجات اٹھانے پڑے ہیں سال وائز تفصیل فراہم کی جائے۔؟

(ii)حکومت نے کتنے پرائمری اور ہائی سکولوں کے بچوں کو مفت یونیفارم دی ہیں اور کتنا خرچ آیاہے سکول وائز اور سال وائز تفصیل فراہم کی جائے

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 12:53 PM - Mon
Question # 1439سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 09, 2025 - Wed
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ایجوکیشن مانیٹرینگ اتھارٹی کے ملازمین کوپبلک سرونٹس ڈیکلیئر کیاگیاہے؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ اتھارٹی ملازمین کی دس سالہ سروس پوری ہوچکی ہے اورانکی سروس سٹرکچر،اپ گریڈیشن اور پنشن سمیت کئی سارئ بنیادی حقوق سے محروم ہیں اوران کے سروس رولزمیں سروس سٹرکچروالا باب شامل نہیں؟

(ج)آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ اتھارٹی کے ضلعی دفاترزاورانتظامی آسامیوں کوپی ایم ایس افسروں کیلئے مختص کیاگیاہے؟

(د)اگر(الف)تا (ج)کے جوابات اثبات میں ہوتو:-

(i)کیامذکورہ اتھارٹی کے ملازمین کوپبلک سرونٹ بنایاگیاہے حالانکہ آئی ایم یوہیلتھ پراجیکٹ والوں کوسول سرونٹس کی حیثیت سے مستقلی دی گئی ہے اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii)آیااتھارٹی کی ضلعی اورہیڈآفس کی انتظامی آسامیوں پرپی ایم ایس افسران کی تعیناتی سے اتھارٹی ملازمین کیلئے ترقی کاراستہ بندنہیں ہوگا تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 12:54 PM - Mon
Question # 1467 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 09, 2025 - Wed
Mr. Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly

Will the Minister for Elementary & Secondary Education state that:.
(a) It is true that the department enacted laws/acts from time to time related to the department/attached departments and subordinate bodies & authorities?
(b) Whether the latest copies of each of the enacted Acts are available on the official website of the department/subordinate department? If so the details there of, if not the reasons thereof:
(c) Is it the fact that the department or its subordinate departments who were required to frame the rules under the enacted Acts. Despite the passage of years they have not been framed such rules? If so the reasons there of:
(d) What steps are being taken to make laws in line with the above Acts at an earliest?

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 01:30 PM - Mon
Question # 1600سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوز و کتب خانے ازراہ ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان میں وقتاً فوقتاً بھرتیاں ہوئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 14۔2013 سے لیکر مارچ 2023 تک گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان میں جتنی بھرتیاں ہوئی ہیں، ان کی تفصیل گریڈ وائز بمعہ شناختی کارڈز کے مہیا کی جائے؟

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 01:31 PM - Mon
Question # 1596سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوز و کتب خانے ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف کالجز و یونیورسٹیز میں تعمیراتی و ترقیاتی کام ہوتے رہے ہیں؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2013-14 سے لیکر دسمبر 2023 تک گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان میں جتنے تعمیراتی و ترقیاتی کام ہوئے ہیں ان کی تعمیر لاگت، پی سی ون اور ٹھیکدار و فرمز کی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 01:38 PM - Mon
Question # 1434سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ نیلوفر بابر صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی و ثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ میرے حلقہ نیابت پی کے۔1 میں پرائمری، مڈل اور ہائی سکولز موجود ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان تمام سکولوں میں اساتذہ تعینات ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) مذکورہ حلقے میں کل کتنے پرائمری، مڈل اور ہائی سکولز موجود ہیں؟

(ii) ان سکولوں میں کل کتنی Sanctioned پوسٹیں ہیں؟

(iii) ان تمام سکولوں میں Sanctioned پوسٹوں پر اساتذہ کرام تعینات ہیں اگر ہاں تو تفصیل فراہم کی جائے اور اگر نہیں تو یہ پوسٹیں کیوں خالی ہیں؟

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:42 AM - Tue
Question # 1489سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 04, 2025 - Fri
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) گزشتہ 5 سالوں کے دوران کتنی گندم کہاں کہاں سے خریدی گئی اور کہاں کہاں فروخت کی گئی؟ اور موجودہ وقت کتنی گندم گوداموں میں موجود ہیں؟ گودام وائز تفصیل فراہم کی جائیں۔ نیز 5 سالوں کے دوران مذکورہ خرید و فروخت میں نفع و نقصان کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 10:06 AM - Tue
Question # 1611سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 09, 2025 - Wed
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی و ثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) خیبر پختونخوا ایجوکیشن مانیٹرنگ اتھارٹی کے ملازمین کیلئے ابھی تک سروس سٹرکچر کیوں نہیں بنایا گیا؟

(ب) ایجوکیشن مانیٹرنگ اتھارٹی کے ملازمین کیلئے سی پی فنڈ ریگولیشن کب تک فائنل کرکے نوٹیفائی کیا جائے گا تفصیل فراہم کریں۔

Notice Date : Jul 29, 2025 -- 03:52 PM - Tue
Question # 1697سوال نمبر
Sent to Dept Date: Aug 08, 2025 - Fri
جناب محمد عبدالسلام صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوز و کتب خانے ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا میں مورخہ 11 نومبر 2024 کو متفقہ طور پر پاس کردہ قرارداد نمبر 112 کے ضمن میں محکمہ سے متعلق امور پر تاحال حکومت نے کیا اقدامات اٹھائے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Aug 13, 2025 -- 09:37 AM - Wed
Question # 1747سوال نمبر
Sent to Dept Date: Sep 08, 2025 - Mon
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت کے احکامات کے مطابق دو سال سے زائد ایک ہی سیٹ پر تعینات ملازمین کو تبدیل کیا جاتا ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع ہری پور میں تعینات ڈی ای او (مردانہ وزنانہ)، ڈپٹی ڈی ای او (مردانہ وزنانہ) اور اے ڈی ای او (مردانہ و زنانہ) کتنے کتنے عرصے سے تعینات ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Sep 09, 2025 -- 04:45 PM - Tue
Question # 1820سوال نمبر
Sent to Dept Date: Oct 09, 2025 - Thu
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوز و کتب خانے از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور یونیورسٹی کی باڑہ گلی کیمپس میں سیزن کے دوران کئی دوسری یونیورسٹیوں کے بھی مختلف تعلیمی پروگرامز منعقد ہوتے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ہزارہ ڈویژن میں موجود یونیورسٹیوں کے بھی اسی کیمپس میں تعلیمی پروگرام منعقد ہوتے ہیں یا نہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کرے۔

Notice Date : Sep 12, 2025 -- 10:10 AM - Fri
Question # 1838سوال نمبر
Sent to Dept Date: Oct 08, 2025 - Wed
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر خوراک از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ خوراک نے پچھلے سال میں موجودہ سال کے لیے گندم کی خریداری کی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اس سال آٹے کی قلت کا خطرہ کیوں در پیش ہے؟ نیز صوبے میں آٹے اور روٹی کی قیمت بتدریج کیوں بڑھ رہی ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Sep 12, 2025 -- 10:11 AM - Fri
Question # 1847سوال نمبر
Sent to Dept Date: Oct 09, 2025 - Thu
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

از راہ کرم وزیر برائے خوراک ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت نے گزشتہ سال سرکاری گوداموں میں گندم ذخیرہ کی تھی؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو براہِ کرم وضاحت فرمائی جائے کہ:

1. کیا مذکورہ ذخیرہ شدہ گندم میں کیڑے پڑ گئے ہیں جس کے باعث اس میں بدبو پیدا ہوئی؟

2. کیا یہ درست ہے کہ ان گوداموں سے اڑنے والے کیڑے قریبی آبادی تک بھی پہنچے؟ اگر ہاں، تو اس بارے میں تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 30, 2026 -- 11:00 AM - Thu
Question # 2201سوال نمبر
Sent to Dept Date: Aug 04, 2026 - Tue
محترمہ نابیدہ نور صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت صوبہ بھر میں پرائمری سکولز کو مڈل اور مڈل کو ہائی سکولوں میں اپ گریڈ کر رہی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو موجودہ حکومت نے ضلع پشاور میں طلباء وطالبات کے کل کتنے پرائمری سکولوں کو مڈل اور، مڈل سکولوں کو ہائی سکولز میں اپ گریڈ کیا ہے؟ اور مزید کتنے سکولوں کو اپ گریڈ کرنے کا ارادہ ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Aug 06, 2026 -- 04:54 PM - Thu
Question # 2207سوال نمبر
Sent to Dept Date: Aug 12, 2026 - Wed
محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) گزشتہ دو سالوں میں حکومت کی طرف سے ضلع خیبر کے پرائمری، مڈل اور ہائی سکولوں کو سالانہ کتنا فنڈز فراہم کیا گیا ہے؟

(ب) اور یہ فنڈز مذکورہ سکولوں میں کن کن مدات میں خرچ کیے گئے ہیں؟ جاری فنڈز اور خرچ کیے گئے فنڈز کی تفصیل سال وائز فراہم کی جائے۔

Notice Date : Aug 10, 2026 -- 12:41 PM - Mon
Question # 2210سوال نمبر
Sent to Dept Date: Aug 21, 2026 - Fri
محترمہ نابیدہ نور صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر توانائی و برقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ توانائی و برقیات صوبے میں توانائی کے مختلف منصوبوں پر کام کر رہی ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو جاری مالی سال میں انرجی سیکٹر کے لیے کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے اور اب تک کتنا خرچ ہو چکا ہے ؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 153 واں گروپ

نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 26 اکتوبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:50 AM - Tue
Question # 1608 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر نگرانی ضم اضلاع کے مختلف سڑکوں کے منصوبوں کیلئے غیر ملکی قرضہ مختص کیا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران محکمہ کے زیر نگرانی کتنا غیر ملکی فنڈ کن کن ضم اضلاع کیلئے منظور ہوا تھا اور کہاں کہاں پر اور کس طریقہ کار کے تحت تاحال خرچ کیا گیا ہے اور کتنا فنڈ ابھی بھی موجود ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) مذکورہ عرصہ کے دوران ضلع باجوڑ کیلئے کتنا فنڈ منظور ہوا تھا ان فنڈ زسے ضلع باجوڑ میں جن سڑکوں کی تعمیر و مرمت کی گئی ہے ہر ایک کی الگ الگ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 10, 2025 -- 02:31 PM - Thu
Question # 1737 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Sep 02, 2025 - Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر لائیو سٹاک، ماہی پروری و کوآپریٹیو ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ صوبہ کے کیٹل بریڈنگ اور ڈیری فارمز میں گائیں، بیل اور بچھڑے موجود ہیں؟

(ب) اگر سوال (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) فی الوقت ضلع پشاور کے ڈیری فارمز میں کتنی گائیں، بیل اور بچھڑے موجود ہیں؟

(ii) نیز گزشتہ پانچ سالوں کے دوران ان ڈیری فارمز کے لئے کتنے جانور، کس طریقہ کار کے تحت خریدے اور فروخت کیے گئے؟ اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Aug 13, 2025 -- 09:44 AM - Wed
Question # 2018 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 28, 2026 - Wed
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع ہری پور کی تینوں تحصیلوں کی ٹی ایم ایز میں کل کتنا سٹاف موجود ہے، اور وہ کہاں کہاں تعینات ہیں؟

نیز، ہر ملازم کا نام، پتہ، عہدہ، تعیناتی کی جگہ اور عرصہ تعیناتی کی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Aug 26, 2025 -- 03:57 PM - Tue
Question # 1786 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Sep 15, 2025 - Mon
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے ک

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا رورل انویسٹمنٹ اینڈ انسٹی ٹیوشنل سپورٹ پروگرام (KPRIISP) کے تحت ضلع مہمند، تحصیل خویزئی/ بائیزئی کے لیے پینے کے پانی کا ایک میگا منصوبہ تقریباً 4,5552.97 ملین روپے کی لاگت سے سال 2023 میں PC-1 کی سطح پر منظور کیا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اس منصوبے کے فنڈز کا اجراء، ٹینڈرینگ اور تعمیراتی کام کا آغاز کب تک متوقع ہے؟ نیز اس سلسلے میں صوبائی حکومت متعلقہ محکموں کو مذکورہ پراجیکٹ کے حوالے سے ہدایات جاری کرنے کے سلسلے میں کیا اقدامات اٹھا رہی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Oct 07, 2025 -- 03:30 PM - Tue
Question # 2045سوال نمبر
Sent to Dept Date: Feb 04, 2026 - Wed

Will the Minister for Local Government, Elections and Rural Development Department be pleased to state:

(a) Whether, under Articles 32 and 140-A of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan and Section 23-A of the Khyber Pakhtunkhwa Local Government Act, 2013, the Local Government representatives have been deprived of their constitutional rights by not being granted the due financial and discretionary powers; if so, the reasons thereof?

(b) What specific measures have been taken by the Department since the Local Government elections of 2021 to empower the Local Government representatives?

(c) Since the Local Government representatives have been deprived of their legal and constitutional rights, and the amendments proposed in the Local Government Act, 2013, were rejected by the High court. The said representatives shouldn't be given an extension to hold their offices for another 4 years from the election date, with all the requisite empowerment? If the above is in affirmative, then kindly provide the complete details.

Notice Date : Oct 08, 2025 -- 03:44 PM - Wed
Question # 1948سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 05, 2026 - Mon
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر زراعت از راہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے مختلف اوقات میں ضلع کوہستان میں کسانوں اور زراعت کی ترقی کے لئے اقدامات کیے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو یہ وضاحت فرمائی جائے کہ ضلع لوئر کوہستان میں سال 2020 سے 2024 تک کسانوں کو فراہم کیے گئے بیج، کھاد، زرعی سپرے اور مشینری کی سالانہ تفصیل بمعہ مستفید ہونے والے کسانوں کی تعداد اور تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Oct 20, 2025 -- 11:50 AM - Mon
Question # 1890سوال نمبر
Sent to Dept Date: Oct 27, 2025 - Mon
محترمہ شاہدہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات از راہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع مردان میں عوام کی سہولت اور ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے رنگ روڈ تعمیر کیا گیا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ رنگ روڈ مختلف مقامات پر خراب حالت میں ہے؟

(ج) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ رنگ روڈ کی دوبارہ تعمیر و مرمت کب شروع کی جائے گی؟ مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Feb 02, 2026 -- 03:41 PM - Mon
Question # 2066سوال نمبر
Sent to Dept Date: Feb 18, 2026 - Wed
جناب محمد ریاض - پی کے -95 صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی از راہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے مالی سال 2025-2024 اور 2026-2025 کے دوران ضلع کرم کی مختلف سکیموں / منصوبوں کے لیے فنڈز مختص کیے تھے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ فنڈز کس طریقہ کار کے تحت مختص کیے گئے، اب تک کتنے فنڈز جاری کیے گئے اور وہ کس طریقہ کار کے تحت جاری کیے گئے؟ جاری کردہ فنڈز کے استعمال کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے،

(ii) نیز اب تک کتنے ٹینڈرز کیے جا چکے ہیں، متعلقہ اشتہارات کی نقول اور کن کن کنٹریکٹرز کو منصوبے الاٹ (Award) کیے جا چکے ہیں؟ مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Feb 11, 2026 -- 11:28 AM - Wed
Question # 2072سوال نمبر
Sent to Dept Date: Feb 26, 2026 - Thu
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبنوشی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بجٹ 2025-26 میں ضلع لکی مروت میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے لیے فنڈز مختص کیے گئے تھے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i)ان مختص کردہ فنڈز کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii)نیزاب تک کتنا فنڈ کہاں اور کس مد میں استعمال ہوا ہے؟تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii)مختص کردہ فنڈ میں سے جو فنڈ کسی اور ضلع یا کسی اور محکمے کو منتقل کیا گیا ہے؟اس کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Feb 11, 2026 -- 11:46 AM - Wed
Question # 2100سوال نمبر
Sent to Dept Date: May 12, 2026 - Tue
جناب محمد ریاض - پی کے -95 صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ محکمہ سی اینڈ ڈبلیو نے فروری 2024سے فروری2026تک گلشن رحمان کالونی اور سول کوارٹرز کے لیے مختلف فنڈز جاری کیے ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو وضاحت دی جائے کہ محکمہ نے ان دو سالوں میں ان کالونیوں کے لیے جو فنڈز جاری کئے ان کی تفصیلات بمعہ کام،تاریخ اور ٹھیکداروں کی تفصیل فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Apr 14, 2026 -- 02:46 PM - Tue
Question # 2150سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 13, 2026 - Mon
محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر زراعت ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے ضلع صوابی میں کسانوں کی ترقی کے لیے مختلف مالی معاونت کی سکیمیں متعارف کرائی ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو گزشتہ تین برسوں کے دوران محکمہ کی جانب سے ضلع صوابی کے کسانوں کو دی گئی سبسڈیز اور مراعات کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Jun 19, 2026 -- 04:00 PM - Fri
Question # 2173سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 20, 2026 - Mon
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر بلدیات،الیکشن و دیہی ترقی ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ ضلع ہری پور میں ٹاؤن میونسپل ایڈمنسٹریشن(TMA)کی ملکیت یا زیرِانتظام دکانیں اور پلازے موجود ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو:

(i)ضلع ہری پور میں ٹاؤن میونسپل ایڈمنسٹریشن(TMA)کی ملکیت یا زیرِانتظام تمام پلازوں اور دکانوں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii)مذکورہ دکانیں اور پلازے کب اور کن افراد یا اداروں کو الاٹ کیے گئے تھے؟نیز ہر دکان یا یونٹ کا ماہانہ کرایہ کتنا مقرر کیا گیا ہے؟

(iii)الاٹمنٹ کی موجودہ حیثیت اور کرایہ ناموں کی تفصیل کیا ہے؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jun 30, 2026 -- 02:13 PM - Tue
Question # 2162سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 29, 2026 - Wed
جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر قانون،پارلیمانی امور وانسانی حقوق ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)محکمہ قانون،پارلیمانی امور وانسانی حقوق نے صوبے میں عدالتی نظام میں اصلاحات کے لیے اب تک کیا اقدامات کیے ہیں؟

(ب)مذکورہ اصلاحات کے سلسلے میں اگر کسی ماہر(Experts)،کنسلٹنٹ یا ادارے کی خدمات حاصل کی گئی ہیں تو ان کی تعداد،ادارہ،شعبۂ مہارت،تقرری کی نوعیت،مدتِ تقرری کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج)عدالتی مقدمات کے جلد فیصلے،،انصاف کی بروقت فراہمی اور عدالتی نظام کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے حکومت کا موجودہ لائحہ عمل کیا ہے؟اگر اس حوالے سے کوئی پالیسی، اصلاحاتی پروگرام زیر عمل یا زیر غور ہے تو اس کی موجودہ پیش رفت، متوقع مدتِ تکمیل اور عمل درآمد کی ٹائم لائن سے متعلق تفصیل فراہم کیا جائے۔

Notice Date : Jul 14, 2026 -- 02:29 PM - Tue
Question # 2163سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 20, 2026 - Mon
محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرِبلدیات،الیکشن ودیہی ترقی ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف)مالی سال 2025-2026 کے دوران ضلع ایبٹ آباد کی تمام تحصیلوں،نیبرہڈ کونسلوں اور ویلج کونسلوں کے لیے فنڈز جاری کیے گئے ؟اس کی تحصیل وار اور کونسل وار تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) ضلع ایبٹ آباد میں لوکل گورنمنٹ کے کتنے منصوبے زیرِغور،زیرِتعمیر اور مکمل ہو چکے ہیں ؟ان منصوبوں کی لاگت کی تحصیل وار اور کونسل وار تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Aug 06, 2026 -- 04:58 PM - Thu
Question # 2208سوال نمبر
Sent to Dept Date: Aug 12, 2026 - Wed
محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرِآبنوشی ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے ضلع خیبر کے دیہی علاقوں کے لیے گذشتہ چار سالوں کے دوران صاف پینے کے پانی کے لئے ٹیوب ویلز نصب کئے ہیں ؟

(ب) اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو:

(i)مذکورہ ٹیوب ویلز کی تعداد کتنی ہے اور ضلع خیبر میں مزید کتنے ٹیوب ویلز کی ضرورت ہے ؟یونین کونسل وار تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii)مذکورہ ضرورت پوری کرنے کے لیے محکمہ کی کیا منصوبہ بندی ہے،اور مزید مطلوبہ ٹیوب ویلز کی تنصیب کب تک متوقع ہے ؟تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Aug 17, 2026 -- 03:00 PM - Mon
Question # 2209سوال نمبر
Sent to Dept Date: Aug 21, 2026 - Fri
محترمہ نابیدہ نور صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرِمواصلات وتعمیرات ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذانے ضلع پشاور میں سال 2024ء سے تاحال مختلف سڑکیں،سکولوں اور کھیلوں کے میدان تعمیر کئے ہیں ؟

(ب)اگر (الف)کاجواب اثبات میں ہوتو مذکورہ مدت کے دوران کتنی سڑکیں،سکولز اور کھیل کے میدان کہاں کہاں تعمیر کئے گئے ہیں ؟ان میں سے کتنے منصوبے پایۂ تکمیل تک پہنچ چکے ہیں اور کتنے زیرِتعمیر ہیں ؟ان کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 154 واں گروپ

نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 27 اکتوبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 02:14 PM - Mon
Question # 1594سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خلیفہ گل نواز ہسپتال کیلئے مشینری اور دیگر سامان کی خریداری کی گئی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گذشتہ 5 سالوں میں کتنی بار خریداری کی گئی ہے اور کون کونسی مشینیں خریدی گئیں ہیں؟ میڈیکل سامان اور مشینوں کی خریداری کے ٹھیکے کس کس کو اور کب دیئے گئے ہیں پچھلے پانچ برسوں کا ریکارڈ فراہم کیا جائے۔

Notice Date : Oct 08, 2025 -- 03:51 PM - Wed
Question # 1960سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 06, 2026 - Tue
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لوئر کوہستان اور کولئی پالس کوہستان میں کوئی سنٹرل جیل موجود نہیں ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ان دو اضلاع میں جیلوں کی منظوری اور تعمیر نہ ہونے کی وجوہات کیا ہے تفصیل فراہم کی جائے؟

Notice Date : Oct 08, 2025 -- 03:52 PM - Wed
Question # 2002سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 08, 2026 - Thu
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کوہستان میں پیرا میڈیکل اسٹاف اور نرسز کی مختلف آسامیاں خالی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ بالا آسامیوں کی تعداد اور خالی آسامیوں پر پوسٹنگ یا بھرتی نہ ہونے کی وجوہات کی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Oct 20, 2025 -- 04:41 PM - Mon
Question # 1896سوال نمبر
Sent to Dept Date: Nov 04, 2025 - Tue
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر (ڈی ایچ کیو) ہسپتال ہری پور میں ایک ماہر نفسیات (Psychiatrist) تعینات ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ماہر نفسیات نے گزشتہ چند ماہ سے باقاعدگی کے ساتھ او پی ڈی (OPD) نہیں کی ہے؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ ماہر نفسیات کب سے اس عہدے پر تعینات ہیں؟ نیز ان کی او پی ڈی نہ ہونے کی وجوہات کیا ہیں؟

(ii) اپریل 2025 سے تاحال انہوں نے کتنی او پی ڈیز کی ہیں، کن کن تاریخوں کو کی ہیں، اور ان میں کتنے مریضوں کا معائنہ کیا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Oct 20, 2025 -- 04:42 PM - Mon
Question # 1895سوال نمبر
Sent to Dept Date: Nov 04, 2025 - Tue
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر (ڈی ایچ کیو) ہسپتال ہری پور میں کل کتنے ڈاکٹرز تعینات ہیں؟ ان کے نام، عہدہ، سکیل، پتہ اور مدتِ تعیناتی کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب)مذکورہ ہسپتال میں روزانہ کی بنیاد پر کون کون سے ماہرین(Specialists)او پی ڈی(OPD) کرتے ہیں؟ ہر شعبے کے متعلقہ ڈاکٹرز کی تفصیل بمعہ شیڈول فراہم کی جائے، نیز جولائی 2025 سے تاحال ہر ڈاکٹر کی او پی ڈی کی تعداد اور مریضوں کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

Notice Date : Dec 15, 2025 -- 11:23 AM - Mon
Question # 1928سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 05, 2026 - Mon
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)فی الوقت صوبے کے سرکاری ہسپتالوں میں کل کتنے Ventilator موجود ہیں؟ مذکورہ Ventilators میں کل کتنے چالو حالت میں ہیں ؟تفصیل فراہم کریں

(ب)ان Ventilators کو چالو حالت میں رکھنے کے لیے حکومت نے کیا طریقہ کار اپنایا ہوا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Dec 15, 2025 -- 11:29 AM - Mon
Question # 1936سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 06, 2026 - Tue
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)صوبہ بھر میں پولیس فورس میں تفشیشی آفسران کی کل کتنی آسامیاں ہیں ان میں سے فی الوقت تفشیشی آفسران کی کل کتنی آسامیاں خالی پڑی ہے

(ج)خالی آسامیوں کی وجہ سے کرمنل کیسز میں(Conviction rate) پر کتنا اثر پڑتا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Dec 22, 2025 -- 12:03 PM - Mon
Question # 1973سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 06, 2026 - Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ محکمہ صحت کی جانب سے صوبے کے تمام بڑے اور کیٹگری وائز ہسپتالوں میں دوائیوں اور طبی آلات کی طلب (Indent)اور فراہمی کے عمل کی نگرانی کیلئے کوئی ڈیجیٹل یا مانیٹرنگ سسٹم نافذ کیا گیا ہے؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو

(i)اس نظام کے تحت اضلاع اور ہسپتالوں کی کارکردگی جانچنے کا طریقہ کار کیا ہے؟

(ii)اور آئندہ مالی سال 2026-27 میں ایسا شفاف اور مؤثر نظام متعارف کرانے کی کوئی تجویز زیر غور ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے

Notice Date : Dec 26, 2025 -- 03:10 PM - Fri
Question # 1983سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 06, 2026 - Tue
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر عملہ ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف)آیا یہ درست ہے کہ گریڈ 17 اور اس سے اوپر بھرتی ہونے والے امیدواروں کے لیے نفسیاتی(Psychology) ٹیسٹ پاس کرنا ضروری ہوتا ہے؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ دس سالوں میں نفسیاتی ٹیسٹ میں ناکام ہونے والے امیدواروں کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

(ii) کمیشن میں اور کمیشن کے ذریعے بھرتی شدہ/دوبارہ تعینات(Re employed)افسران کے نام، عمر، گریڈ، نفسیاتی ٹیسٹ کی تفصیلات اور نہ کرنے کی وجوہات بیان کی جائیں۔

Notice Date : Jan 19, 2026 -- 05:02 PM - Mon
Question # 2042سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 27, 2026 - Tue
محترمہ فرح خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا میں سیف سٹیز پراجیکٹ اور سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب کے حوالے سے کوئی اقدامات کیے گئے ہیں؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو

(i)اب تک اس ضمن میں کون کون سے اقدامات کیے گئے ہیں؟

(ii) کن اضلاع/شہروں میں سی سی ٹی وی کیمرے نصب کیے جاچکے ہیں اور کن علاقوں میں یہ منصوبہ تاحال زیرِ تکمیل ہے؟

(iii)سیف سٹیز پراجیکٹ اور سی سی ٹی وی نظام کے لیے کتنی رقم مختص کی گئی، کتنی رقم خرچ ہو چکی ہے اور باقی فنڈز کی موجودہ صورت حال کیا ہے؟

(iv)کیا ان منصوبوں کی نگرانی، کارکردگی اور عوامی تحفظ پر اثرات جانچنے کے لیے کوئی باضابطہ نظام موجود ہے؟ اگر ہاں تو اس کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Jan 21, 2026 -- 03:11 PM - Wed
Question # 2051سوال نمبر
Sent to Dept Date: Feb 03, 2026 - Tue
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ازراہ کرم ایوان کو آگاہ فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2024 سے تاحال ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں کتنے ترقیاتی منصوبوں کی منظوری ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی (DDC) نے دی ہے؟ اس بابت مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) فروری 2024 سے اب تک ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ ایڈوائزری کمیٹی (DDAC) کے کتنے اجلاس منعقد ہوئے؟ ہر اجلاس کی تاریخ اور ایجنڈا کی تفصیل بھی بیان کی جائے۔

(ج) کیا کسی ترقیاتی منصوبے کو DDAC کی سفارشات یا منظوری کے بغیر DDC سے منظور کروایا جا سکتا ہے؟ اگر ایسا ممکن ہے تو اس کی قانونی وضاحت بھی ایوان کو فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jan 23, 2026 -- 03:00 PM - Fri
Question # 2055سوال نمبر
Sent to Dept Date: Feb 03, 2026 - Tue
محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ازراہِ کرم ایوان کو مطلع فرمائیں گے کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ مالی سال 2025-26 کے سالانہ ترقیاتی پروگرام (ADP) میں کوہاٹ ڈویژن کے لیے میگا واٹر سپلائی اسکیموں، سڑکوں اور مختلف ہسپتالوں کے ترقیاتی منصوبہ جات کے لیے بجٹ مختص کیا گیا ہے؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ازراہِ وضاحت یہ بھی بیان فرمائیں کہ ان منصوبہ جات میں سے کن منصوبوں کی فیزیبلٹی رپورٹ مکمل ہو چکی ہے، کون سے منصوبے پایہ تکمیل کو پہنچ چکے ہیں اور کن منصوبوں پر تاحال کام کا آغاز ہونا باقی ہے؟ ان تمام منصوبہ جات کی محکمہ وار تفصیل ایوان کے سامنے پیش کی جائے۔

Notice Date : Jan 27, 2026 -- 04:35 PM - Tue
Question # 2059سوال نمبر
Sent to Dept Date: Apr 30, 2026 - Thu
محترمہ ایمن جلیل جان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ہیومن ریسورسز اینڈ مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) پراونشل سلیکشن بورڈ کے ممبران کے ناموں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) مذکورہ بورڈ نے گزشتہ ایک سال کے دوران کل کتنی میٹنگز منعقد کی ہیں، ان میٹنگز کی تاریخیں اور ان میں کیے گئے فیصلوں کی تفصیل بیان کی جائے۔

Notice Date : Feb 02, 2026 -- 03:36 PM - Mon
Question # 2070سوال نمبر
Sent to Dept Date: Feb 18, 2026 - Wed
جناب اختر خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ PSDP پروگرام کے تحت سیدو ہسپتال مینگورہ ضلع سوات میں آپریشن تھیٹر کے تعمیر کے لیے 2023-2024 میں فنڈ منظور ہوا تھا جبکہ مذکورہ فنڈ سے 13 کروڑ روپے ٹھیکدار کو جاری ہوئے اور باقی ماندہ رقم واپس بھی کی گئی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب مثبت میں ہو تو تاحال مذکورہ آپریشن تھیٹر پر کتنا کام ہوا ہے اور کتنا باقی ہے آپریشن تھیٹر کو کب تک مکمل کر کے عوام کو علاج معالجے کی سہولت فراہم کی جائے گی؟ نیز باقی ماندہ رقم کیوں واپس کی گئی؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Feb 02, 2026 -- 03:37 PM - Mon
Question # 2065سوال نمبر
Sent to Dept Date: Feb 18, 2026 - Wed
جناب محمد ریاض - پی کے -95 صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے مالی سال 2024-2025 اور 2025-2026 کے لیے ضلع کرم کی مختلف سکیموں/منصوبوں کے لیے فنڈز مختص کئے تھے؟

(ب) اگر(الف) کا جواب اثبات میں ہو تو وضاحت دی جائے کہ یہ فنڈز کس طریقہ کار کے تحت مختص ہوئے اور کتنے فنڈز جاری ہوئے اور کس طریقہ کار کے تحت جاری کیے گئے؟ نیز جاری کردہ فنڈز کی استعمال کی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Feb 06, 2026 -- 11:50 AM - Fri
Question # 2099سوال نمبر
Sent to Dept Date: May 11, 2026 - Mon
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ سول ڈیفنس میں سال2022 میں بذریعہ اشتہار مشتہر کی گئی آسامیوں پر بھرتی کے لیے سال2024 میں انٹرویوز اور ETEA ٹیسٹ منعقد کیے گئے؟

(ب) اگر(الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کیا ان آسامیوں کی فائنل میرٹ لسٹ جاری کی جا چکی ہے، اور آیا ان پر بھرتیاں مکمل ہو گئی ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 155 واں گروپ

نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 30 اکتوبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

Notice Date : Aug 11, 2025 -- 02:40 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1702**
Sent to Dept Date: Aug 18, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر لیبر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ لیبر ڈیپارٹمنٹ میں ڈاکٹرز تعنیات ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ڈاکٹر کی کل تعداد اور مدت ملازمت سمیت ہر ایک ڈاکٹر کے نام، PMDC کی رجسٹریشن کے کاغذات کی کاپیاں الگ الگ فراہم کی جائیں

Notice Date : Sep 05, 2025 -- 04:40 PM - Fri
سوال نمبر**Question # 1843**
Sent to Dept Date: Oct 09, 2025 - Thu
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر موسمیاتی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات و جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ جنگلات ضلع ہری پور کی طرف سے مقامی استعمال کیلئے لکڑی کا کوٹہ مقرر ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضرورت مندوں کو چھان بین اور تحقیقات کے بعد لکڑی کا پرمٹ دیا جاتا ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سال 2022 میں ضلع ہری پور میں جن افراد کو پرمٹ دیے گئے ہیں۔ ان کی فہرست بمعہ مقصد و تعداد لکڑی فراہم کی جائے۔

Notice Date : Sep 23, 2025 -- 09:52 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 1861**
Sent to Dept Date: Oct 10, 2025 - Fri
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر موسمیاتی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات و جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختون خوا کے جنگلات سے غیر قانونی طور پر لکڑی کی کٹائی ہوئی ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس ضمن میں فارسٹری اینڈ مانیٹرنگ سرکل FPMC کی رپورٹ کے مطابق الائی اور دیگر علاقوں سے ایک ارب 70 کروڑ کی لکڑی تحویل میں لی گئی ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو اس ضمن میں مزید تین کمپاؤنڈز کی مانیٹرنگ بھی ہوئی ہے۔ اس کی کیا رپورٹ ہے؟ اور اس میں ملوث لوگوں کے خلاف کیا کاروائی ہوئی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Dec 09, 2025 -- 09:47 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 1919**
Sent to Dept Date: Jan 05, 2026 - Mon
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر اوقاف، حج، مذہبی اور اقلیتی امور ازراہِ کرم یہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ حکومت بجٹ میں اقلیتوں کے لیے مختلف سکیموں کے تحت فنڈز مختص کرتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ مالی سال 2024-2025 میں اقلیتوں کے لیے کتنا فنڈ مختص کیا گیا تھا؟ ان میں کتنی اور کون کون سی سکیمیں مکمل کی گئی ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) رواں مالی سال میں کتنی نئی سکیمیں بجٹ میں شامل کی گئی ہیں؟ نیز ان سکیموں کے لیے مختص کردہ فنڈز کی تفصیلات بھی فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Dec 29, 2025 -- 02:02 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1985**
Sent to Dept Date: Jan 06, 2026 - Tue
محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر معدنیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے ضلع خیبر(سابقہ فاٹا) محکمہ منرل ڈیویلمنٹ کے شعبے کے لیے ترقیاتی فنڈز مختص کئے ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو محکمے کے لیے کل کتنافنڈ مختص کیا گیا ہے؟ کتنافنڈریلیز کیا گیا ہے؟ کتنافنڈتاحال خرچ کیا گیا ہے؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Apr 20, 2026 -- 03:37 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 2148**
Sent to Dept Date: Jul 13, 2026 - Mon
محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صنعت وحرفت وفنی تعلیم ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران صوبہ میں کتنی صنعتیں قائم کی گئی ہیں اوران میں سے کتنی فعال ہیں؟تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) صنعتی زونز میں بنیادی سہولیات، بشمول بجلی، گیس اور پانی، کی فراہمی کی موجودہ صورتِ حال کیا ہے؟تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج)خواتین کے لیے صنعتی شعبے میں روزگار کے مواقع بڑھانے کے لیے کیا کوئی خصوصی پالیسی موجود ہے؟اگرہاں، تواس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Apr 23, 2026 -- 12:34 PM - Thu
سوال نمبر**Question # 2113**
Sent to Dept Date: May 11, 2026 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر موسمیاتی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات وجنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ محکمہ Arboriculture Operations کے تحت گورنمنٹ گارڈنز(بوٹینیکل اورزولوجیکل)،مارکیٹنگ ورکس، اور(Apiaries) کی نگہداشت کرتا ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو گزشتہ دوسال کے دوران مذکورہ مد میں اُٹھائے گئے اقدامات کی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Apr 23, 2026 -- 12:42 PM - Thu
سوال نمبر**Question # 2129**
Sent to Dept Date: May 11, 2026 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر آبکاری، محاصل وانسدادِ منشیات ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)سال 2022ء سے 2024ء تک صوبہ میں رجسٹر ہونے والی مقامی طور پر تیار کردہ اور امپورٹڈ گاڑیوں کی ڈسٹرکٹ وار تفصیل درج ذیل اقسام کے لحاظ سے فراہم کی جائے:

(i)مسافر بردار(Passenger)گاڑیاں،(ii)کمرشل/لوڈنگ گاڑیاں،(iii)کاریں،

(iv)ہیوی اور لائٹ گاڑیاں،اور(v)انرجی سیور/الیکٹرک گاڑیاں۔

Notice Date : Apr 28, 2026 -- 04:45 PM - Tue
سوال نمبر**Question # 2114**
Sent to Dept Date: May 11, 2026 - Mon
محترمہ فرزانہ شیریں صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر معدنی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ ضلع بنوں میں معدنی وسائل سے ریونیو حاصل ہورہی ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع بنوں میں دریائے کرم سے بھی معدنیات نکالی جارہی ہیں؟

(ج)اگر(الف وب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) ضلع بنوں میں معدنی وسائل سے ماہانہ کتنی ریونیو حاصل ہورہی ہیں۔اعدادوشمار کے ساتھ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) دریائے کرم سے معدنیات کی استخراج کی اجازت کن شرائط اور کس طریقہ کار کے تحت دی جاتی ہے۔مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 14, 2026 -- 02:20 PM - Tue
Question # 2186سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 29, 2026 - Wed
محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر موسمیاتی تبدیلی،ماحولیات،جنگلات وجنگلی حیات ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ محکمہ نے صوبہ بھر میں شدید گرمی،سیلاب،خشک سالی اور لینڈ سلائیڈ نگ جیسے موسمیاتی خطرات سے نمٹنے کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ ہزارہ ڈویژن میں موسمیاتی خطرات(Climate Risk Assessment)کا جائزہ مکمل کیا جاچکا ہے؟

(ج)اگر(الف)اور(ب)کے جوابات اثبات میں ہو توہزارہ ڈویژن جائزہ رپورٹ،نشاندہی کیے گئے موسمیاتی خطرات،متاثرہ علاقوں اور ان خطرات سے نمٹنے کے لیے تجویز کردہ اقدامات کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 156 واں گروپ

نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 2 نومبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

Notice Date : Apr 30, 2026 -- 03:22 PM - Thu
Question # 2119سوال نمبر
Sent to Dept Date: May 11, 2026 - Mon
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبپاشی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں ڈی سلٹنگ کے منصوبوں پر عملدرآمد کے لیے کنٹریکٹرز یا ٹھیکداروں کی خدمات حاصل کی گئی تھیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) متعلقہ ٹھیکداروں/فرمز کی تفصیل، پراکیورمنٹ طریقہ کار اور معاہدوں کی نوعیت کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) نیز ان منصوبوں کے نتیجے میں سیلابی پانی کے بہاؤ، نکاسی آب کے نظام اور زرعی زمینوں پر مرتب ہونے والے اثرات و نتائج کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

Notice Date : May 04, 2026 -- 10:48 AM - Mon
Question # 2195سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 29, 2026 - Wed
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر خزانہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بینک آف خیبر وزیر اعظم اپنا گھر سکیم کے تحت گھر، پلاٹ کی خریداری اور تعمیر کے لیے آسان اقساط پر قرضے فراہم کر رہا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:-

(i) اب تک کتنی درخواستیں بینک کو موصول ہو چکی ہیں اور کتنے درخواست گزاروں کو قرضے فراہم کیئے جا چکے ہیں؟ اسکی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) منظور شدہ اور غیر منظور شدہ درخواست گزاروں کی الگ الگ تفصیل بھی فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Jun 30, 2026 -- 04:41 PM - Tue
Question # 2184 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 29, 2026 - Wed
Mr Arbab **Muhammad Usman Khan, Member Provincial Assembly**

Will the Honorable Minister for Irrigation state that:

(a) What are the reasons that farmers continue to face water shortages, low irrigation efficiency and inefficient canal systems despite an allocation of approximately Rs. 45.5 billion during FY 2025-26 and a further increase in the allocation for FY 2026-27? Complete details be given.

(b) What measurable improvements have, so far, been achieved in:

(i) water conservation;

(ii) canal modernization; and

(iii) crop yields?

(c) What steps has the Government taken, so far, to accelerate the adoption of modern irrigation practices with a view to enhancing agricultural productivity and increasing farmers' income? Complete details be provided.

صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 157 واں گروپ

نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 3 نومبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 12:02 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1381**
Sent to Dept Date: Jul 01, 2025 - Tue
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سرکاری سکولوں کی مرمت اور رنگ وروغن پر حکومت سالانہ خطیر رقم خرچ کرتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) پرائمری، مڈل، ہائی اور ہائر سیکنڈری سکولوں پر کس حساب سے رقم خرچ کی جاتی ہے؟ نیز رقم خرچ کرنے کا طریقہ کار کیا ہے؟

(ii) اگر رقم کسی کمیٹی کے ذریعے خرچ کی جاتی ہے تو کمیٹی کن کن ممبران پر مشتمل ہوتی ہے مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 12:03 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1382**
Sent to Dept Date: Jul 01, 2025 - Tue
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت سکولوں کے طلباء وطالبات کو مفت کتب فراہم کرتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کتب فراہمی کا طریقہ کار کیا ہے نیز پرنٹنگ اور ترسیل پر سالانہ کتنا خرچہ آتا ہے۔ 2022 سے تاحال تمام اخراجات کی مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 12:45 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1558**
Sent to Dept Date: Jul 08, 2025 - Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر توانائی وبرقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبائی حکومت نے سالانہ ترقیاتی پروگرام 19-2018 سے لیکر 23-2022 تک توانائی وبرقیات کے شعبے میں نئے اور جاری منصوبوں کیلئے رقوم مختص کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ مالی سالوں کے دوران پہلے سے جاری پروگرام کے تحت ان منصوبوں کیلئے اور ضلع میں شامل نئے منصوبوں کیلئے جاری شدہ فنڈز میں سے اے ڈی پی وار کتنی رقوم فراہم کی گئی ہیں؟ جاری شدہ رقوم کی تفصیل ضلع وار فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 12:58 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1459**
Sent to Dept Date: Jul 11, 2025 - Fri
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ بھر میں بڑی تعداد میں مڈل اور ہائی سکولوں میں کمپیوٹر ٹیچرز کی کمی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبہ بھر میں کتنے سکولوں میں کمپیوٹر ٹیچرز کی کمی ہے؟ اس کی ضلع وار تعداد بتائی جائے۔ نیز صوبائی حکومت اس مسئلے پر قابو پانے کے لئے کیا اقدامات کر رہی ہے؟ اس کی وضاحت کی جائے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 01:37 PM - Mon
Question # 1431سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ حال ہی میں پورے صوبے اور ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مختلف سکولوں کو اپ گریڈ کیا گیا ہے اور نئے سکولوں کی تعمیر بھی ہوئی ہیں۔

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو:

(i)تاحال ڈیرہ اسماعیل خان میں کتنے سکول، کہاں کہاں اپ گریڈ کئے گئے ہیں اور ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں تاحال کتنے نئے سکول کہاں کہاں پر تعمیر کئے گئے ہیں، تحصیل وائز مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii)نیز تحصیل درابن، تحصیل درازندہ اور تحصیل کلاچی میں باوجود اس کے کہ یہ علاقے کافی پسماندہ ہیں، سکول کیوں اپ گریڈ نہیں کئے گئے اور نا ہی نئے سکول تعمیر کئے گئے ہیں، اس حوالے سے سکولوں کی اپ گریڈیشن اور نئے سکولوں کی تعمیر کے حوالے سے صوبائی حکومت نے کیا کسوٹی رکھی ہے ،تفصیل سے فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:55 AM - Tue
Question # 1521سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 04, 2025 - Fri
جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرخوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ صوبہ میں آٹے کی قیمتوں کا تعین کرنا صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو:۔

(i)سال 2013 سے تاحال آٹے کی قیمتوں کا تعین کس طریقہ کار کے تحت کیا گیا ہے؟اور آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کی وجوہات کیا ہیں؟

(ii)سال 2013 سے تاحال آٹے کی قیمتوں کی تفصیل بمعہ سرکاری نرخنامہ جات کی کاپیاں فراہم کی جائیں۔

(iii)آٹے کی قیمتوں میں کمی لانے کیلئے حکومت نے کیا اقدامات اور فارمولہ طے کیا ہے؟مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 10:09 AM - Tue
Question # 1614سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 09, 2025 - Wed
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ حلقہ پی کے 32 لوئر کوہستان میں مختلف کیٹگری کے سکول موجود ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو

(i)حلقہ پی کے 32 میں موجودہ سکولوں کی تعداد کتنی ہے؟اور کہاں کہاں پر واقع ہیں؟ کیٹگری وائز یونین کونسل وائز تفصیل فراہم کی جائے

(ii)ہر ایک سکول میں موجود طلباء کی تعداد اور ڈیوٹی پر مامور عملہ کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 10:23 AM - Tue
Question # 1616سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 09, 2025 - Wed
جناب محمد رشاد خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ گورنمنٹ گرلز مڈل سکول بٹیال بشام ضلع شانگلہ کو ہائی سکول کا درجہ دیا گیا ؟

(ب)آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکول میں ہائی کلاسز کے لیے عمارت تعمیر کی گئی ہے؟

(ج)آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکول کیلئے ضروری سٹاف میں درجہ چہارم کی ملازمین کی بھرتیاں بھی کی گئیں ہیں؟

(د)اگر(الف)تا(ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کب تک مذکورہ سکول میں ہائی کلاسز شروع کی جائیں گی؟اور تاحال کلاسز شروع نہ کرنے کی وجوہات بھی بتائی جائیں

Notice Date : Aug 13, 2025 -- 09:38 AM - Wed
سوال نمبر**Question # 1743**
Sent to Dept Date: Sep 02, 2025 - Tue
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ تمام DEOs میل وفی میل اور SDEOs میل وفی میل آفس میں کلریکل سٹاف کی پوسٹیں موجود ہیں ؟

(ب) اگر (الف) کاجواب اثبات میں ہو تو:

(i) ضلع ہری پور میں ان آفس میں کتنی پوسٹیں ہیں ؟ان میں سے کتنی خالی ہیں ؟اور کتنی پوسٹوں پر سکولوں سے اساتذہ کوٹرانسفر کرکے ان پوسٹوں پر لگایا گیاہے ؟ان کے نام اور پوسٹ کے ساتھ مکمل کوائف فراہم کیے جائیں۔

(ii) کن کن سکولوں سے اساتذہ کو یہاں تعینات کیا گیاہے ؟اوران کی جگہ ان سکولوں میں کون کام کررہاہے ؟

(iii) موجودہ سٹاف کے عرصہ تعیناتی کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

Notice Date : Sep 05, 2025 -- 04:48 PM - Fri
سوال نمبر**Question # 1811**
Sent to Dept Date: Sep 17, 2025 - Wed
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم،ارکائیوزاور کتب خانے ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ فرنٹیرایجوکیشن فاؤنڈیشن نجی تعلیمی اداروں کو بلاسود قرضے فراہم کرتاہے ؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ یہ ادارہ اب بھی قائم ہے اور قرضے کیلئے اس کا ایک خاص طریقہ کار بھی موجود ہے ؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو اس ادارے پر آنے والے اخراجات کی تفصیل اور گزشتہ تین سالوں میں کتنے اور کون کون سے اداروں کو قرضے دیئے گئے ان کی بھی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Sep 08, 2025 -- 06:55 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1813**
Sent to Dept Date: Sep 16, 2025 - Tue
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم،ارکائیوزاور کتب خانے ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاوریونیورسٹی کا سمرکیمپس باڑہ گلی ایبٹ آباد کے علاقے میں قائم ہے ؟

(ب) اگر (الف) کاجواب اثبات میں ہو تو:

(i) حکومت نے مقامی لوگوں کو اس کیمپس سے کیا فوائد اور سہولیات فراہم کی ہیں ؟

(ii) باڑہ گلی کے مقامی لوگوں کو روزگار اور ملازمت کے مواقع دینے کے حوالے سے کیا اقدامات کیے گئے ہیں ؟

(iii) کیا اس سمرکیمپس میں مقامی لوگوں کے لئے کوٹہ مختص ہے ؟اگر ہاں تو کتنے فیصد ہے ؟

(iv) اس کیمپس کے تحت شروع کیے گئے تعلیمی وترقیاتی منصوبوں کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Sep 12, 2025 -- 10:12 AM - Fri
سوال نمبر**Question # 1825**
Sent to Dept Date: Oct 08, 2025 - Wed
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

ازراہ کرم وزیر برائے خوراک ارشادفرمائیں کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ حالیہ سیلابی تباہ کاریوں کے بعد صوبے میں غذائی قلت اور گرانفروشی کے مسائل پیداہوئے ہیں یا ہونے کا اندیشہ ہے ؟

(ب) اگر حصہ (الف) کاجواب اثبات میں ہو تو براہِ کرم یہ بتایا جائے کہ ان مسائل سے نمٹنے کے لیے محکمہ خوراک نے کیا اقدامات اٹھائے ہیں ؟تفصیل فراہم کی جائے

Notice Date : Sep 18, 2025 -- 03:55 PM - Thu
سوال نمبر**Question # 1831**
Sent to Dept Date: Oct 08, 2025 - Wed
محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر خوراک ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) صوبے بھر کے بازاروں میں ضروری اشیاء کو سرکاری نرخنامے پر فروخت کرنے کو یقینی بنانے کی ذمہ داری کس کی ہے ؟

(ب) ضلع پشاور میں گزشتہ مالی سال کے دوران کتنے گران فروشوں کو گرفتار کیا گیا؟نیز ان گرفتار گران فروشوں کو جرمانوں کے علاوہ کیا سزائیں دی گئیں ؟

(ج) جرمانوں سے حاصل شدہ رقم کہاں اور کس مد میں خرچ کی گئی ؟مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

Notice Date : Sep 23, 2025 -- 09:53 AM - Tue
Question # 1862سوال نمبر
Sent to Dept Date: Oct 10, 2025 - Fri
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ محکمہ میں اقلیت سے تعلق رکھنے والی فیمیل ٹیچرز تعینات ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو

(i)آیا مذکورہ ٹیچرز کوان کے اپنے یونین کونسل میں تعینات کیا جاتا ہے؟

(ii)پروموشن کی صورت میں حکومتی پالیسی کی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Dec 09, 2025 -- 09:45 AM - Tue
Question # 1979سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 06, 2026 - Tue
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر توانائی وبرقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ سولرانرجی کا کاروبار کرنے کے لیے خیبر پختونخوا میں رجسٹریشن یالائسنس کا حصول لازمی ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو لائسنس کے حصول کے طریقہ کار کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Dec 16, 2025 -- 02:06 PM - Tue
Question # 1938سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 07, 2026 - Wed
محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) گزشتہ 3 سالوں میں ضلع خیبر میں کتنے سکول بنائے گئے ہیں اور کون کون سے سکول اب بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 158 واں گروپ

نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 6 نومبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 12:55 PM - Mon
Question # 1476 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 09, 2025 - Wed
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ہاؤسنگ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ ہذا کے تحت کتنی ہاؤسنگ سکیمیں چل رہی ہیں؟ اب تک کتنی ہاؤسنگ سکیموں کو مکمل کیا جا چکا ہے جبکہ کتنی سکیمیں زیر تکمیل اور کتنی پائپ لائن میں ہیں؟ اسکی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 01:01 PM - Mon
Question # 1572 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 08, 2025 - Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اربن ایریا ڈویلپمنٹ اتھارٹی (UADA) ڈیرہ اسماعیل خان کے پانچویں بورڈ میٹنگ کے ایجنڈا آئٹم نمبر 21 میں صرف ملازمین کو گریجویٹی اور ریٹائرمنٹ پیکج دینے کیلئے پلاٹوں کی نیلامی کی متفقہ طور پر منظوری دی گئی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ ملازمین پیکج کے لئے کتنے پلاٹس نیلام کئے گئے اور حاصل شدہ رقم سے کتنے ملازمین کو گریجویٹی اور ریٹائرمنٹ پیکج کے تحت رقوم دی گئیں تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Aug 13, 2025 -- 09:33 AM - Wed
Question # 1713 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Aug 19, 2025 - Tue
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبنوشی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ہری پور میں محکمہ ہذا میں گریڈ 1 سے گریڈ 16 تک کی مختلف کیڈرز کی پوسٹیں خالی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہوں تو:

(i) کل کتنی پوسٹیں خالی ہیں؟ اور کیوں خالی ہیں ان میں کون سی اور کتنی آسامیاں ڈائریکٹ Initial recruitment اور محکمانہ پروموشن کے ذریعے پُر کی جاتی ہیں؟ ان کی تفصیل بمعہ تحریری دستاویزات مندرجہ ذیل پروفارمہ کے مطابق فراہم کی جائیں۔

نمبر شمار، حلقہ نمبر، خالی پوسٹ کا نام بمعہ گریڈ، خالی ہونے کی تاریخ، خالی پوسٹ پُر کرنے کا طریقہ کار، خالی ہونے کی وجوہات۔

(ii) حکومت نے خالی آسامیاں پُر کرنے کیلئے جو اقدامات اٹھائے ہیں۔ ان کی تفصیل بمعہ کارروائی Recruitment Process بمعہ تحریری دستاویزات فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Sep 05, 2025 -- 04:44 PM - Fri
Question # 1826 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Oct 09, 2025 - Thu
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت ہر سال سرکاری عمارتوں کی مرمت کیلئے (R&M) کی مد میں فنڈز مختص کرتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع ہری پور کیلئے سال 2018 سے لیکر تا حال کتنا فنڈ مختص کیا گیا اور کہاں کہاں پر خرچ ہوا ہے، ان کی بلڈنگ وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Sep 22, 2025 -- 06:02 PM - Mon
سوال نمبرQuestion # 1875
Sent to Dept Date: Oct 21, 2025 - Tue
محترمہ جمیلہ پراچہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر بلدیات، الیکشن ودیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ کوہاٹ کے شہری علاقوں کی تقریباتمام یونین کونسلوں میں صفائی کی صورتحال انتہائی ناقص ہے۔ کچرا اٹھانے کے نظام میں رکاوٹیں ہیں۔ سیوریج لائنوں کی صفائی نہیں کی جاتی اور عملہ ومشینری کی کمی کی شکایات بھی عام ہیں؟

اگر (الف) کاجواب اثبات میں ہوتو

(i) کیاٹی ایم اے کوہاٹ نے شہری یونین کونسلوں میں صفائی کے مسئلے کے حل کے لئے کوئی جامع لائحہ عمل ترتیب دیا ہے؟ اگر لائحہ عمل موجود ہے تو اس کی تفصیلات (فنڈز، مشینری، افرادی قوت اور سالانہ منصوبہ جات) کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) اس لائحہ عمل پر اب تک کون سے اقدامات کئے گئے ہیں؟ اور کن منصوبوں پر عمل درآمد جاری ہے؟ اگر کوئی لائحہ عمل موجود نہیں تو حکومت اس سنگین مسئلے کے حل کے لئے کب اور کیا اقدامات اٹھائے گی؟

Notice Date : Oct 07, 2025 -- 03:31 PM - Tue
سوال نمبرQuestion # 1967
Sent to Dept Date: Jan 05, 2026 - Mon
Mr Arbab Muhammad Usman Khan, Member Provincial Assembly

Will the Minister for Agriculture state that:
(a)What was the total wheat production in year 2024/2025?
(b) How much was the deficit in meeting the demand? What's our per-acre yield and how does it compare to other provinces and the world?
(c) What steps have been taken over the past five years to increase production and bring more uncultivated land into cultivation?
(d) What is the expected demand next year and what's being done to meet that? Please provide the complete details.

Notice Date : Oct 08, 2025 -- 03:45 PM - Wed
سوال نمبرQuestion # 1944
Sent to Dept Date: Jan 05, 2026 - Mon
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرِ زراعت ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ ——

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ زراعت نے ضلع لوئر کوہستان میں گزشتہ پانچ سالوں کے دوران مختلف ترقیاتی سکیموں پر کام کیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کاجواب اثبات میں ہو تو مذکور ضلع میں سال 2020 سے لیکر 2024 تک محکمہ زراعت کے تحت مکمل شدہ اور زیرِ تکمیل ترقیاتی منصوبوں کی فہرست بمعہ ہر منصوبے کے لیے مختص فنڈز، خرچ شدہ رقم، اور غیر استعمال شدہ فنڈز کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Oct 20, 2025 -- 11:51 AM – Mon
سوال نمبرQuestion # 1906
Sent to Dept Date: Dec 02, 2025 - Tue
محترمہ شاہدہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرِ مواصلات وتعمیرات ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیایہ درست ہے کہ محکمۂ مواصلات وتعمیرات (W&C) ضلع میں سڑکوں کی تعمیر کے لیے فنڈز فراہم کرتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کاجواب اثبات میں ہو تو گزشتہ چھ (6) سالوں کے دوران ضلع مردان کی تمام تحصیلوں میں سڑکوں کی تعمیر کے لیے کتنا فنڈ فراہم کیا گیا؟ نیز ہر سڑک کی لمبائی، منظور شدہ فنڈز، ٹھیکیدار کا نام، اور مقام (جگہ) کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Oct 20, 2025 -- 11:52 AM - Mon
سوال نمبرQuestion # 2005
Sent to Dept Date: Jan 12, 2026 - Mon
محترمہ شاہدہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر بلدیات، الیکشن ودیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ ہر ضلع میں ڈسٹرکٹ ڈیویلپمنٹ ایڈوائزری کمیٹی قائم ہے؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ ترقیاتی سکیموں اور دوسری سرگرمیوں کیلئے فنڈز ڈیڈک کے ذریعے تقسیم ہوتے ہیں جس کیلئے باقاعدہ ڈیڈک میٹنگ منعقد ہوتی ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) گذشتہ اور موجودہ حکومتوں کے دوران ڈیڈک مردان نے کل کتنے اجلاس منعقد کیے ہیں؟ ہر میٹنگ کے مینٹس کی کاپی مہیا کی جائے۔

(ii) ڈیڈک کے ذریعے مذکورہ ادوار میں کل کتنا فنڈ تقسیم کیا گیا؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) مذکورہ ادوار میں کتنے ترقیاتی سکیمیں منظور کی گئیں ہر سکیم کی علیحدہ تفصیل فراہم کریں ۔

Notice Date : Oct 20, 2025 -- 05:30 PM - Mon
Question # 1893 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Nov 05, 2025 - Wed
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور اور مردان اضلاع میں ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ ایڈوائزری کمیٹی (ڈیڈک) قائم ہو چکی ہے۔

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) یہ کمیٹیاں کب تشکیل دی گئیں اور ان کے اراکین کون کون ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) اب تک ان کمیٹیوں کے کتنے اجلاس منعقد ہو چکے ہیں اور اس کی رپورٹ پر کیا کاروائی ہو چکی ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Oct 20, 2025 -- 05:32 PM - Mon
Question # 1892 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Nov 05, 2025 - Wed
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں ہاؤسنگ سوسائٹیز (حکومت سے منظور شدہ) موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) کون کون سی ہاؤسنگ سوسائٹیز کہاں کہاں قائم ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔۔

(ii) غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کے خلاف اب تک کیا کارروائی عمل میں لائی گئی ہے؟ متعلقہ کیسز اور ان کی تفصیلات فراہم کی جائیں

Notice Date : Mar 26, 2026 -- 04:20 PM - Thu
Question # 2087 سوال نمبر
Sent to Dept Date: May 11, 2026 - Mon
محترمہ فرح خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ بلدیات نے ضلع کرک کے لیے مالی سال 2024-25 اور 2025-26 میں ترقیاتی اور انتظامی فنڈز فراہم کیے

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ عرصہ کے دوران کل کتنا انتظامی فنڈ اور کتنا ترقیاتی فنڈ جاری کیا گیا؟ ہیڈ وار تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) مذکورہ انتظامی فنڈز سے خرچ کی گئی رقوم کی مد وار تفصیل، اور ترقیاتی فنڈز سے شروع کیے گئے منصوبہ جات کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) مکمل کیے گئے منصوبہ جات کی تفصیل بمعہ منصوبہ وار جاری کی گئی رقوم کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

Notice Date : Mar 31, 2026 -- 02:00 PM - Tue
Question # 2088 سوال نمبر
Sent to Dept Date: May 07, 2026 - Thu
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر لائیو سٹاک، ماہی پروری و کوآپریٹو ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اکتوبر 2025 میں خیبر پختونخوا کے ضم شدہ اضلاع میں مویشی ادویات کی خریداری کی مد میں تقریباً 7 کروڑ روپے کی مالی بے ضابطگی / غبن کا کوئی کیس سامنے آیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ محکمہ کے سٹور انچارج و دیگر عملہ کے خلاف کیا کارروائی کی گئی ہے اور اس ضمن میں کتنی ریکوری کی گئی ہے؟ اسکی مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Apr 14, 2026 -- 09:02 AM - Tue
Question # 2131سوال نمبر
Sent to Dept Date: May 11, 2026 - Mon
محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرزراعت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ زراعت نے مختلف مواقع پر ضلع صوابی میں کسانوں اور زراعت کی ترقی کے لیے اقدامات کیے ہیں ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع صوابی میں سال 2020ء تا 2025ء کے دوران کسانوں کو فراہم کیے گئے بیج، کھاد، زرعی سپرے اور مشینری کی سالانہ تفصیل الگ الگ فراہم کیا جائے۔

(ج) مذکورہ عرصہ کے دوران ان سہولیات سے مستفید ہونے والے کسانوں کی تعداد بمعہ نام اور فراہم کردہ سہولیات کی مکمل تفصیل بھی فراہم کیا جائے۔

Notice Date : Apr 23, 2026 -- 12:38 PM - Thu
Question # 2115سوال نمبر
Sent to Dept Date: May 11, 2026 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر قانون پارلیمانی امور وانسانی حقوق ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) گزشتہ تین سالوں میں وکلاء کی مختلف محکموں میں بھرتیوں کی تفصیلات بمعہ ان کے نام، بھرتی کے لیے اختیار کیا گیا طریقہ کار، ڈسٹرکٹ و ہائی کورٹ بار میں رجسٹریشن نمبر، LLB میں مارکس اور ڈویژن وغیرہ کی تفصیل فراہم کی جائے۔۔

Notice Date : Apr 23, 2026 -- 12:41 PM - Thu
Question # 2107سوال نمبر
Sent to Dept Date: May 11, 2026 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا بیرونی قرضوں (Foreign Loan) کے تحت پراجیکٹس پر کام ہو رہے ہیں؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہوں تو:۔

(i) گزشتہ تین سالوں کی دوران بیرونی قرضوں (Foreign Loan) کے تحت پراجیکٹس اور ٹھیکوں کی تفصیلات فراہم کیا جائے۔

(ii) مذکورہ عرصہ کے دوران پراجیکٹس کے کنسٹرکشن کمپنیوں کے نام، رجسٹریشن نمبر، کیٹیگری، چیف ایگزیکٹو اور مالکان کی تفصیلات کیا ہیں ؟ نیز یہ بھی بیان کیا جائے کہ وہ پروفیشنل انجینئر ہیں یا نان انجینئر کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 159 واں گروپ

نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 10 نومبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

Notice Date : Oct 08, 2025 -- 03:53 PM - Wed
Question # 1982سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 06, 2026 - Tue
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لوئر کوہستان میں ڈاکٹرز کی منظور شدہ آسامیاں خالی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو لوئر کوہستان میں ڈاکٹرز کی کل منظور شدہ آسامیوں کی تعداد کیا ہے اور ان میں سے خالی آسامیوں کی تعداد کیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Oct 08, 2025 -- 03:54 PM - Wed
Question # 2003سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 08, 2026 - Thu
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال لوئر کوہستان کے لئے مالی سال 2024-25 اور 2025-26 میں فنڈز مختص کئے گئے تھے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مختص شدہ فنڈز میں سے کتنے فنڈز ریلیز ہوئے تفصیل فراہم کی جائے

(ج) جاری شدہ فنڈز کو کن کن مقاصد اور کس طریقہ کار کے تحت استعمال ہوا مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Dec 15, 2025 -- 11:30 AM - Mon
Question # 1935سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 06, 2026 - Tue
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) گزشتہ ایک سال کے دوران صوبے میں خواتین اور بچوں کے خلاف کل کتنے جرائم رپورٹ ہوئے ہیں؟

(ب) مذکورہ کیسز میں کل کتنے کیسز میں چارج شیٹ فائل کی گئی ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Dec 15, 2025 -- 11:31 AM - Mon
Question # 1929سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 06, 2026 - Tue
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) موجودہ جاری ADP میں کل کتنی ایسی سکیمیں ہیں جن کی dead line کو گزرے دو سال سے زائد کا عرصہ ہو چکا ہے؟

(ب) مذکورہ سکیموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کے لیے حکومت کیا اقدامات اٹھانے کا ارادہ رکھتی ہے؟

(ج) سکیمیں مقررہ وقت میں مکمل نہ کرنے پر حکومت نے متعلقہ پراجیکٹ ڈائریکٹرز کے خلاف کون سے اقدامات اٹھائے ہیں؟ سکیموں کے نام اور پراجیکٹ ڈائریکٹرز کی تفصیل بمعہ اٹھائے گئے اقدامات کی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jan 14, 2026 -- 04:25 PM - Wed
Question # 2049سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 30, 2026 - Fri
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہری پور میں میڈیکل کالج کے قیام کی منظوری دی گئی ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ میڈیکل کالج Pak-Austria Fachhochschule Institute of Applied Sciences and Technology(PAF-IAST) کی زیر نگرانی شروع کیا گیا ہے؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس میڈیکل کالج کے قیام کے لیے صوبائی حکومت نے فنڈز فراہم کیے ہیں؟

(د) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس میڈیکل کالج کی فیس سرکاری میڈیکل کالجوں سے کہیں زیادہ ہے؟

(ہ) اگر (الف) تا (د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) کس قانون کے تحت ایک ٹیکنکل ادارے میں میڈیکل کالج شروع کیا جارہا ہے؟

(ii) مذکورہ میڈیکل کالج پرائیویٹ ہے یا سرکاری اس کی فیس کتنی ہے؟ اگر سرکاری ہے تو اس کی فیس سرکاری میڈیکل کالج کے برابر کیوں نہیں؟

(iii) اب تک اس مقصد کے لیے کتنا فنڈ فراہم کیا جا چکا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Feb 06, 2026 -- 11:51 AM - Fri
Question # 2075سوال نمبر
Sent to Dept Date: Mar 18, 2026 - Wed
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بہبود آبادی از راہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضم شدہ اضلاع میں مزید 120 نئے Family Welfare Center قائم کئے جائیں گے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) ضم شدہ اضلاع میں اس وقت کل کتنے Family Welfare Center قائم ہیں؟ ان میں تعینات عملے کی تعداد اور فراہم کی جانے والی سہولیات کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) اگر نئے Family Welfare Center منظور کیے گئے ہیں تو ان میں سے کتنے مکمل ہو چکے ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Feb 06, 2026 -- 11:55 AM – Fri
Question # 2084سوال نمبر
Sent to Dept Date: Apr 13, 2026 - Mon
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیرِ داخلہ وقبائلی امور از راہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہر پولیس اسٹیشن میں مال خانہ موجود ہوتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) آیا مالِ مقدمہ کی اشیاء، بالخصوص گاڑیاں، کسی فرد کو سپرداری پر استعمال کے لیے دی جا سکتی ہیں؟ اگر ہاں، تو اس کا طریقہ کار کیا ہے؟

(ii) اس وقت مختلف تھانوں میں ضبط شدہ گاڑیاں کس کے زیرِ استعمال ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے

Notice Date : Feb 06, 2026 -- 03:34 PM - Fri
Question # 2081سوال نمبر
Sent to Dept Date: Apr 06, 2026 - Mon
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر منصوبہ بندی وترقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا اربن پالیسی 2022–2030 میں تعلیم، بالخصوص بچیوں کی تعلیم اور شہری علاقوں میں اسکول سے باہر بچوں کو شامل نہیں کیا گیا؟

(ب) آیا بھی یہ درست ہے کہ شہری منصوبہ بندی کے عوامل تعلیم تک رسائی، خصوصاً بچیوں کے لیے، پر براہِ راست اثر انداز ہوتے ہیں؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) کیا مذکورہ پالیسی آئین پاکستان کے آرٹیکل 25-اے اور پائیدار ترقی کے ہدف نمبر 4 سے ہم آہنگ ہے؟

(ii) کیا حکومت اربن پالیسی میں ترمیم یا ضمیمہ کے ذریعے بچیوں کی تعلیم اور شہری علاقوں کے آوٹ آف اسکول بچوں کو شامل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟ تفصیل فراہم کرے

Notice Date : Feb 10, 2026 -- 01:22 PM - Tue
Question # 2083سوال نمبر
Sent to Dept Date: Apr 06, 2026 - Mon
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کو ترجیحی بنیادوں پر تشخیصی سہولیات او پی ڈی کے فراہم کی جاتی ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ہر مریض پرائیویٹ کلینک یا آئی بی پی (Institutional-Based Practice) کے تحت ڈاکٹر کی بھاری فیس ادا کرنے کی استطاعت نہیں رکھتا؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ او پی ڈی کے مقابلے میں آئی پی پی میں سی ٹی اسکین اور ایم آر آئی جیسے ٹیسٹوں کی فیس بھی دُگنی وصول کی جاتی ہے؟ جو عام مریض کے لیے مزید مالی بوجھ کا باعث بنتی ہے۔

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سرکاری ہسپتالوں میں علاج اور تشخیص کے عمل کو منصفانہ، شفاف اور عام آدمی کی دسترس میں لانے کے لیے کیا عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ مکمل تفصیل فراہم کرے۔

Notice Date : Feb 11, 2026 -- 11:24 AM - Wed
Question # 2077سوال نمبر
Sent to Dept Date: Feb 27, 2026 - Fri
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر داخلہ و قبائلی امور ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2025 میں ایک ہزار سے زائد سویلین اور سیکیورٹی اہلکار شہید کیے گئے تھے؟

(ب) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو وضاحت دی جائے کہ کتنے سویلین اور سیکیورٹی اہلکاروں کو شہدا پیکج ادا کیا جا چکا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔۔

Notice Date : Feb 11, 2026 -- 11:29 AM - Wed
Question # 2074سوال نمبر
Sent to Dept Date: Feb 27, 2026 - Fri
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر کھیل و امور نوجوانان ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت اس وقت نوجوانوں کو خود مختار اور با روزگار بنانے کے لیے قرضے فراہم کر رہی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) مذکورہ قرضوں کے حصول کے لیے کیا طریقہ کار ہے؟

(ii) سال 2024 اور 2025 میں کتنے افراد نے کون کونسے بینکوں کے ذریعے قرضے حاصل کیے ہیں؟ اُن کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Mar 26, 2026 -- 04:22 PM – Thu
Question # 2102سوال نمبر
Sent to Dept Date: May 11, 2026 - Mon
محترمہ فرح خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا میں مالی سال 2024-25 اور 2025-26 کے دوران "امبریلا اسکیمز" کے تحت مختلف ترقیاتی منصوبے شروع کیے گئے ہیں؟

(ب) اگر جواب اثبات میں ہو تو براہِ کرم درج ذیل تفصیلات فراہم کی جائیں:

1. ان منصوبوں میں سے کون سے منصوبے تکمیل کو پہنچ چکے ہیں اور کون سے تاحال زیرِ تکمیل ہیں؟ نیز ان منصوبوں کی کل لاگت کیا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

2. اگر کوئی منصوبہ ابھی تک مکمل نہیں ہوا تو اس کی تاخیر کی وجوہات کیا ہیں؟ وضاحت کے ساتھ بیان کیا جائے۔

3. باقی منصوبے کب تک مکمل کیے جانے کا امکان ہے اور اس مقصد کے لیے محکمہ کی حکمتِ عملی کیا ہے؟ تفصیلی جواب دیا جائے۔

Notice Date : Mar 31, 2026 -- 02:01 PM - Tue
Question # 2134سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 08, 2026 - Wed
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا کے جاری کردہ ایک لیٹر نمبر DSCM/DGH/220-207 مورخہ 17 مارچ 2026 کے مطابق صوبے کی مختلف ہسپتالوں بشمول DHQ ہسپتال باجوڑ میں مبینہ کرپشن کے کیسز سامنے آئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) مذکورہ کیس کہاں کہاں رپورٹ ہوئے ہیں اور کتنی کتنی کرپشن ہوئی ہے؟

(ii)مذکورہ کرپشن کن لوگوں نے کی ہے اور کس کے ایماپر کی ہے، محکمہ ہذا نے کیاکاروائی کی ہے اور اب تک اس میں کتنی ریکوری کی گئی ہے اور آئندہ ایسے گھناونے اقدامات روکنے کے لیے کیا اقدامات کیے گئے ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Apr 02, 2026 -- 02:45 PM - Thu
Question # 2089سوال نمبر
Sent to Dept Date: May 07, 2026 - Thu
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر شعبہ انتظام انسانی وسائل ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2019 میں صوبائی کابینہ نے آئی ٹی کیڈر افسران (بشمول منسلک محکمہ جات اور ضلعی دفاتر) کے لیے باقاعدہ ای گورننس سروس کیڈر کے قیام کی منظوری دی تھی؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ سائنس و ٹیکنالوجی وانفارمیشن ٹیکنالوجی (IT&ST) اور محکمہ اسٹیبلشمنٹ کو اس ضمن میں عملی اقدامات کی ہدایات جاری کی گئی تھیں؛

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کیا اس فیصلے پر عمل درآمد کیا جاچکا ہے؟ اگر نہیں، تو اس کی وجوہات کیا ہیں اور عمل درآمد کے لیے حتمی ٹائم لائن کیا ہے؟

Notice Date : Apr 09, 2026 -- 03:03 PM - Thu
Question # 2093سوال نمبر
Sent to Dept Date: May 11, 2026 - Mon
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ڈیرہ اسماعیل خان کے سرکاری ہسپتالوں سمیت بعض نجی ہسپتالوں میں بھی عوام کو صحت کارڈ کی سہولت فراہم کی جارہی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) یہ سہولت ڈیرہ اسماعیل خان میں کن کن ہسپتالوں میں فراہم کی جارہی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) صحت کارڈ کے تحت مریض کن کن امراض کا علاج (بشمول آپریشن) کروار ہے ہیں، اور کیا انہیں مفت ادویات بھی فراہم کی جارہی ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) اگر مریضوں کے صحت کارڈ کے تحت آپریشن کیے جارہے ہیں، تو کیا آپریشن کے دوران استعمال ہونے والی ادویات اور آلات (مثلاً آرتھوپیڈک آپریشن میں استعمال ہونے والے راڈز وغیرہ) اور میڈیکل ٹیسٹس، بشمول سی ٹی اسکین اور ایم آر آئی، بھی صحت کارڈ کے تحت فراہم کیے جاتے ہیں؟

(iv) جو مریض صحت کارڈ سے مستفید ہوتے ہیں، ان کے چھوٹے اور بڑے آپریشنز کی صورت میں صحت کارڈ سے رقم کٹوتی کس حساب سے کی جاتی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Apr 14, 2026 -- 09:01 AM - Tue
Question # 2153سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 14, 2026 - Tue
محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ڈی ایچ کیو ہسپتال ضلع صوابی کے لیے سال 2020 سے 2025 تک مشینری اور دیگر طبی سامان کی خریداری کی گئی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) سال 2020 سے 2025 کے دوران کتنی مرتبہ خریداری کی گئی اور کون کون سی مشینیں خریدی گئیں؟

(ii) طبی سامان اور مشینوں کی خریداری کے ٹھیکے کن افراد یا کمپنیوں کو اور کب دیے گئے؟ مذکورہ مدت کا مکمل ریکارڈ فراہم کیا جائے۔

صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 160 واں گروپ

نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 13 نومبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 12:19 PM - Mon
Question # 1385سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 03, 2025 - Thu
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبکاری و محاصل اوانسداد منشیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ایکسائیز نے غیر قانونی گاڑیاں ضبط کی ہیں؟ اور وہ گاڑیاں محکمہ نے اپنے افسران کو استعمال کرنے کے لیے دی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) محکمہ نے کتنی غیر قانونی گاڑیاں ضبط کی ہیں؟ گاڑی نمبر کے ساتھ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) کس قانون کے تحت اور کون کون سی گاڑی کس کس افسر کے پاس زیر استعمال ہیں؟ بمعہ دستاویزات تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 12:20 PM - Mon
Question # 1387سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 03, 2025 - Thu
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبکاری و محاصل وانسداد منشیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ایکسائیز دیگر محکموں کے افسران کو بھی گاڑیاں دیتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) کس قانون کے تحت دوسرے محکموں کے افسران کو گاڑیاں دی جاتی ہیں؟

(ii) دیگر محکموں کے جس جس افسر کو گاڑی Allot ہوئی ہے، ان سب افسران کے نام بمعہ Allotment letter اور جسکے کہنے پر ہوئی ہے ان سب کے نام تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 01:23 PM – Mon
Question # 1479سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 11, 2025 - Fri
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مال واملاک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ لینڈ کمیشن خیبر پختونخوا کی ملکیتی زمین جو کہ 232 کنال اور 02 مرلے تھی، اس کو KPEZDMC) Khyber Pakhtunkhwa Economic Zones Development and Management Company) کیلئے مختص کی گئی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو درج بالا زمین کس طریقہ کار کے تحت (KPEZDMC) کو مختص کی گئی ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 01:24 PM - Mon
Question # 1480سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 11, 2025 - Fri
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مال واملاک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے موضع درابن کی زمین دو اقسام یعنی قابل کاشت اور غیر ممکن پہاڑ پر مشتمل ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مندرجہ بالا دونوں اقسام میں KPEZDMC کی ملکیت موجود ہیں۔

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو اس تقسیم میں KPEZDMC کو کس قانون کے تحت تمام قابل کاشت زمین دی گئی ہیں۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:16 AM - Tue
Question # 1429 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صنعت وحرفت اور فنی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے ضلع اورکزئی (سابقہ فاٹا) محکمہ صنعت وحرفت اینڈ ٹیکنکل ایجوکیشن کے شعبے کے لئے 25-2024 میں ترقیاتی فنڈز مختص کئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ محکمے کے لئے کل کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے؟ اس میں سے کتنا فنڈ ریلیز کیا گیا ہے؟ اور کتنا فنڈ تاحال خرچ کیا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:19 AM - Tue
Question # 1427 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صنعت وحرفت اور فنی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ جدید دور میں فنی تعلیم کو نئے خطوط پر استوار کرنے کی ضرورت ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) محکمہ نے کیا کیا عملی اقدامات اٹھائے ہیں؟

(ii) اس کیلئے موجودہ بجٹ میں کتنی رقم مختص کی گئی ہے؟ اور اس سے صوبے کی فنی تعلیم پر کیا کیا مثبت اثرات / نتائج مرتب ہونگے؟

(iii) اس ہدف کے حصول کیلئے کوئی خصوصی / فنی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ کمیٹی کے ممبران کے نام، فنی قابلیت اور اب تک حاصل شدہ کامیابیاں / نتائج کی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:24 AM - Tue
Question # 1492 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 04, 2025 - Fri
جناب اعجاز محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر اوقاف، حج، مذہبی و اقلیتی امور ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے اندر محکمہ کی بہت سی پراپرٹیز لیز پر دی گئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ 5 سالوں کے دوران جن محکموں اور پرائیویٹ افراد کو محکمہ کی کمرشل جائیدادیں لیز پر دی گئی ہیں۔ ان محکموں اور پرائیویٹ افراد کے نام، لیز کی مدت، مالیت بمعہ لیز ایگریمنٹ فراہم کئے جائے

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:25 AM - Tue
Question # 1491 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 04, 2025 - Fri
جناب اعجاز محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر اوقاف، حج، مذہبی و اقلیتی امور ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ اوقاف کے پاس صوبے کے اندر کل کتنی کمرشل عمارتیں ہیں؟ جگہوں کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) محکمہ کی کل کمرشل عمارتوں جگہوں کا استعمال اور اس کی آمدن کیا ہیں؟ الگ الگ وضاحت کریں۔ نیز محکمہ کے پاس کل ویران اور ناقابل استعمال عمارتوں اور جگہوں کی مکمل تفصیل فراہم کریں۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:35 AM - Tue
Question # 1471 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 04, 2025 - Fri
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر موسمیاتی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات و جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے جنگلات کی غیر قانونی اور بے دریغ کٹائی کو روکنے کے حوالے سے کمیٹی تشکیل دی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کمیٹی کی مکمل تفصیل بمعہ کارکردگی فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:47 AM - Tue
Question # 1440سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صنعت و حرفت اور فنی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا نے نئے ضم اضلاع میں مختلف طریقوں سے تکنیکی اور فنی تعلیم کی سرگرمیاں شروع کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو تمام نئے ضم اضلاع میں گزشتہ (3) سالوں کی کارکردگی کی تفصیل اور خصوصاً باجوڑ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Sep 01, 2025 -- 01:26 PM - Mon
Question # 1780سوال نمبر
Sent to Dept Date: Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ شاہدہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر آبکاری و محاصل اور انسداد منشیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع مردان میں تمباکو کی پیداوار ہوتا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ حکومت، صوبائی اور وفاقی فنڈز میں تمباکو سے وفاقی اور صوبائی سیس کی کٹوتی کرتی ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) گزشتہ دس سالوں کے دوران ضلع مردان کو تمباکو سیس کی مد میں کتنی رقم مہیا کی گئی ہے؟

(ii) مذکورہ رقم کس فارمولے کے تحت کن کن تحصیلوں اور حلقوں میں تقسیم کی گئی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Sep 05, 2025 -- 04:34 PM - Fri
Question # 1761سوال نمبر
Sent to Dept Date: Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر موسمیاتی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات و جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موسموں کی تبدیلی اس وقت پوری دنیا کا سب سے اہم مسئلہ ہے جس سے لوگ متاثر ہو رہے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ان کے شدید اثرات سے بچنے کیلئے محکمہ نے اب تک کتنا کام کیا ہے اور کیا حکمت عملی اپنائی گئی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Apr 20, 2026 -- 03:40 PM - Mon
Question # 2124سوال نمبر
Sent to Dept Date: May 11, 2026 - Mon
محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صنعت، حرفت و فنی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ای۔کامرس کے فروغ کے لیے صوبائی سطح پر کیا پالیسی یا اقدامات کیے گئے ہیں؟

(ب) مارکیٹ ریگولیشن اور قیمتوں کے کنٹرول کے لیے کیا کوئی مؤثر نظام موجود ہے؟ اگر ہے تو اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Apr 20, 2026 -- 03:41 PM - Mon
Question # 2142سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 09, 2026 - Thu
محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صنعت، حرفت و فنی تعلیم ازراہ کرم ایوان کو مطلع فرمائیں گے کہ:

(الف) اس وقت صوبے میں کل کتنے ٹیکنکل اور ووکیشنل انسٹیٹیوٹس فعال ہیں اور ان میں زیر تعلیم طلباء کی مجموعی تعداد کیا ہے؟

(ب) کیا موجودہ ٹیکنکل کورسز مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق ہیں؟ اگر نہیں، تو ان میں بہتری کے لیے حکومت کیا اقدامات کر رہی ہے؟